5048 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: مَنْ شَاءَ فَلْيَرْمُلْ، وَمَنْ شَاءَ فَلَا يَرْمُلْ، اِنَّمَا اَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالرَّمَلِ لِيُرِيَ الْمُشْرِكِينَ قُوَّتَهُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو چاہے رمل کرے جو چاہے نہ کرے۔ رسول اللہ ﷺ نے تو کافروں کو قوت دکھانے کے لیے کیا تھا۔

5049 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُسْلِمٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: لَمَّا افْتَتَحَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ نے مکہ فتح کیا تو مشرکین قعیقان سے دیکھ رہے تھے آپ ﷺ نے رمل کرنے کا حکم دیا تاکہ ان کو طاقت دکھائیں جب رکن یمانی کے پاس سے

5047- أخرجه مسلم: الحج جلد2صفحه926، والنسائي: المناسك جلد5صفحه180 (باب استلام الحجر الأسود)، وأحمد: المسند جلد1صفحه49 رقم الحديث: 276 .

5048- أما ذكر أمر النبي ﷺ بالرمل أورده البخاري ومسلم . أخرجه البخاري: المغازي جلد 7 صفحه581 رقم الحديث: 4256، ومسلم: الحج جلد2صفحه923 .

5049- تقدم تخريجه .

وَسَلَّمَ مَكَّةَ، وَالْمُشْرِكُونَ . . . . . اَمَرَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَرْمُلُوا لِيُرِيَهُمْ اَنَّ بِهِمْ قُوَّةً ، فَاِذَا مَرُّوا بِالرُّكْنِ الْيَمَانِيِّ قَالَ: اَسْرِعُوا ، فَمَشَوْا حَتَّى بَلَغُوا الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ

گزرے تو آپ نے فرمایا: جلدی کرو۔ سو وہ چلے یہاں تک کہ حجر اسود تک پہنچ گئے۔

5050 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَجَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ الْقَوْمَ تَحَدَّثُوا اَنَّكُمْ قَدْ هَلَكْتُمْ جُوعًا وَهَزْلًا، فَاِذَا دَخَلْتُمْ فَارْمُلُوا ثَلَاثَةَ اَشْوَاطٍ حَتَّى يَرَى الْقَوْمُ اَنَّ بِكُمْ قُوَّةً فَفَعَلْنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کیا' آپ نے فرمایا: مشرکین کہتے ہیں کہ تم کمزور ہو گئے' جب تم نے حرم کعبہ میں داخل ہونا ہے' تین چکروں میں رمل کرنا یہاں تک کہ وہ لوگ آپ کی طاقت دیکھیں' ہم نے ایسے ہی کیا۔

5051 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ، عَنْ كَثِيرِ بْنِ جُمْهَانَ قَالَ: اَتَى ابْنَ عُمَرَ رَجُلٌ وَهُوَ يَمْشِي فِي الْوَادِي، فَقَالَ: يَا ابْنَ عُمَرَ، تَاْمُرُنَا بِالسَّعْيِ، وَاَنْتَ تَمْشِي؟ قَالَ: لَئِنْ مَشَيْتُ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي، وَلَئِنْ سَعَيْتُ لَقَدْ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْعَى، وَاَنَا شَيْخٌ كَبِيرٌ

حضرت کثیر بن جمعان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس ایک آدمی آیا' آپ وادی میں چل رہے تھے' اس نے عرض کی: اے ابن عمر! ہم کو سعی کا حکم دیتے ہیں اور خود آپ چل رہے ہیں؟ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: اگر میں چلوں تو میں نے رسول اللہ ﷺ کو چلتے ہوئے دیکھا' اگر میں سعی کروں تو بے شک میں نے رسول اللہ ﷺ کو سعی کرتے دیکھا ہے' میں بہت بوڑھا ہوں۔

5052 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ

حضرت ہشام بن عروہ اپنے والد سے روایت

5050- أصله عند مسلم . أخرجه مسلم: الحج جلد 2 صفحه 921-922' والطبرانی فی الكبير جلد 10 صفحه 269 رقم الحديث: 10629 واللفظ له .

5051- أخرجه أبو داؤد: الحج جلد 2 صفحه 188 رقم الحديث: 1904' والترمذی: الحج جلد 3 صفحه 208 رقم الحديث: 864' وقال: حسن صحيح' والنسائی: المناسك جلد 5 صفحه 193 (باب المشی بينهما) .

5052- أخرجه البخاری: الحج جلد 3 صفحه 581 رقم الحديث: 1643' ومسلم: الحج جلد 2 صفحه 928 .

قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قُلْتُ لِعَائِشَةَ: لَا اُرَى عَلَيَّ جُنَاحٌ اَنْ لَا اَطُوفَ بَيْنَ الصَّفَا، وَالْمَرْوَةِ . قَالَتْ: لِمَ؟ قُلْتُ: لِاَنِّي سَمِعْتُهُ يَقُولُ: (فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا) (البقرة: 158) ، قَالَتْ: لَيْسَ كَذَلِكَ، لَوْ كَانَ كَمَا تَقُولُ كَانَ: لَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ لَا يَطَّوَّفَ بِهِمَا، وَمَا بَرَّ حَجُّ مَنْ لَمْ يَطَّوَّفْ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، وَاِنَّمَا اُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ، اَنَّهُمْ كَانُوا اِذَا اَهَلُّوا فِي الْجَاهِلِيَّةِ لِمَنَاةَ لَمْ يَحِلَّ لَهُمْ اَنْ يَطَّوَّفُوا بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ: (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ، فَمَنْ حَجَّ الْبَيْتَ اَوِ اعْتَمَرَ فَلَا جُنَاحَ عَلَيْهِ اَنْ يَطَّوَّفَ بِهِمَا) (البقرة: 158) ، فَالطَّوَافُ بِهِمَا مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ

کرتے ہیں کہ انہوں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے عرض کی: میں صفا و مروہ کے درمیان سعی کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتا' حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیوں؟ میں نے عرض کی: میں نے حضور ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا کہ جو بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ تو اس پر کوئی حرج نہیں ہے ان دونوں کا طواف کرنے کی۔ آپ نے فرمایا: ایسے نہیں ہے' اگر ایسے ہوتا جس طرح آپ کہہ رہے ہیں کہ ان دونوں کے طواف کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے تو صفا و مروہ کے درمیان طواف نہیں ہے۔ یہ آیت نازل ہوئی تھی جب جاہلیت میں مناۃ کے احرام باندھتے وہ احرام نہیں کھولتے تھے یہاں تک کہ صفا و مروہ کے درمیان سعی نہ کریں۔ اللہ عزوجل نے یہ نازل فرمایا: ''بے شک صفا و مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہو' جو بیت اللہ کا حج کرے یا عمرہ تو اس پر کوئی حرج نہیں ہے ان دونوں کا طواف کرنے میں' ان دونوں کا طواف اللہ کی نشانیوں میں سے ہے۔

5053 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ، اَنَّهُ طَافَ مَعَ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، فَجَعَلَ عُمَرُ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ، وَجَعَلَ يَعْلَى يَسْتَلِمُ الْاَرْكَانَ كُلَّهَا، فَقَالَ عُمَرُ: حَجَجْتَ مَعَ رَسُولِ

حضرت یعلیٰ بن امیہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے ساتھ طواف کیا' حضرت عمر نے حجر اسود کو استلام کیا' میں نے تمام ارکان کو استلام کیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: تُو نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کیا ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! فرمایا: تُو نے آپ کو تمام ارکان کے استلام

5053- اسناده فيه: أ- مفضل بن صدقة: ضعيف . ب- محمد بن عبد الرحمٰن بن أبي ليلىٰ: صدوق سيئ الحفظ . وباسنادٍ صحيح أخرجه الامام أحمد في مسنده جلد 1 صفحه 37 بنحوه من طريقين . وقال الحافظ الهيثمي: ورجال أحمد رجال الصحيح' ورواه من طريق آخر وفيه رجل لم يُسَم . انظر مجمع الزوائد جلد 3 صفحه 243 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: بَلَى . قَالَ: فَرَاَيْتَهُ يَسْتَلِمُ الْاَرْكَانَ كُلَّهَا؟ قَالَ: لَا

کرتے دیکھا ہے؟ عرض کی: نہیں!

5054 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ صَدَقَةَ، عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ مُخَلَّقَةٌ بِصُفْرَةٍ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي اَحْرَمْتُ بِعُمْرَةٍ، فَكَيْفَ اَصْنَعُ؟ قَالَ: فَاَطْرَقَ عَنْهُ طَوِيلًا حَتَّى ظَنَنَّا اَنْ اُوحِيَ اِلَيْهِ، ثُمَّ قَالَ: اَيْنَ السَّائِلُ عَنِ الْعُمْرَةِ؟ اخْلَعْ جُبَّتَكَ، وَاغْسِلِ الصُّفْرَةَ، وَاصْنَعْ فِي الْعُمْرَةِ كَمَا تَصْنَعُ فِي الْحَجِّ

حضرت یعلیٰ بن امیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' اس نے جبہ پہنا ہوا تھا جو زرد رنگ سے رنگا ہوا تھا' عرض کی: یارسول اللہ! میں نے عمرہ کا احرام باندھا ہے' میں کیا کروں؟ آپ دیر تک خاموش رہے یہاں تک کہ ہم کو گمان ہوا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے؟ پھر فرمایا: سائل کہاں ہے جو عمرہ کے متعلق پوچھ رہا تھا؟ فرمایا: اپنا جبہ اُتار دو اور زرد رنگ کو دھو دو اور عمرہ میں وہی کام کرو جو حج میں کیا جاتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذِهِ الْاَحَادِيثَ عَنِ الْمُفَضَّلِ بْنِ صَدَقَةَ اِلَّا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو

یہ تمام احادیث مفضل بن صدقہ سے معاویہ بن عمرو روایت کرتے ہیں۔

5055 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا هُشَيْمٌ قَالَ: نَا مَنْصُورُ بْنُ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْحَيَاءُ مِنَ الْاِيمَانِ، وَالْاِيمَانُ فِي الْجَنَّةِ، وَالْبَذَاءُ مِنَ الْجَفَاءِ، وَالْجَفَاءُ فِي النَّارِ

حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حیاء ایمان سے ہے' ایمان جنت میں لے جانے والا عمل ہے' بے حیائی جفاء سے ہے اور جفاء جہنم میں لے جانے والا عمل ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هُشَيْمٍ، عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَبِي بَكْرَةَ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ وَرَوَاهُ غَيْرُهُ: عَنْ مَنْصُورٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عِمْرَانَ

یہ حدیث ہشیم سے سعید بن سلیمان روایت کرتے ہیں اور ہشیم منصور سے' وہ حسن سے' وہ ابوبکرہ سے' ان کے علاوہ منصور سے' وہ حسن سے' وہ عمران بن حصین

5054- أخرجه البخاري: العمرة جلد3صفحه718 رقم الحديث: 1789' ومسلم: الحج جلد2صفحه836 .

5055- أخرجه ابن ماجة: الزهد جلد2صفحه1400 رقم الحديث: 4184' وابن حبان (24/موارد) .

بْنِ حُصَيْنٍ

سے۔

5056 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أُقَيِّدُ الْعِلْمَ؟ قَالَ: نَعَمْ. قُلْتُ: وَمَا تَقْيِيدُهُ؟ قَالَ: الْكِتَابُ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں علم کو قید کروں؟ آپ نے فرمایا: ہاں لکھ لو۔ میں نے عرض کی: کیسے قید کروں؟ آپ نے فرمایا: لکھو!

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ

یہ حدیث ابن جریج سے عبداللہ بن مؤمل روایت کرتے ہیں۔

5057 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ. قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: رَحِمَ اللّٰهُ الْمُحَلِّقِينَ. قَالُوا: وَالْمُقَصِّرِينَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ بَعْدَ ثَلَاثٍ: وَالْمُقَصِّرِينَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل بال منڈانے والوں پر رحم کرے، صحابہ کرام نے عرض کی: بال کٹوانے والے کے لیے بھی دعا کریں؟ آپ نے فرمایا: اللہ بال منڈانے والوں پر رحم کرے، صحابہ کرام نے عرض کی: بال کٹوانے والوں کے لیے بھی؟ آپ نے تیسری مرتبہ فرمایا: بال کٹوانے والوں پر رحم کرے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءٍ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُؤَمَّلِ

یہ حدیث عطاء سے عبداللہ بن مؤمل روایت کرتے ہیں۔

5058 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5056- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 1 صفحه 157 وقال: وفيه عبد الله بن المؤمل وثقه ابن معين وابن حبان وقال ابن سعد: ثقة قليل الحديث. وقال الامام أحمد: أحاديثه مناكير. وعزاه أيضًا الى الطبراني في الكبير.

5057- أخرجه أحمد: المسند جلد 1 صفحه 284 رقم الحديث: 1864 بنحوه والطبراني في الكبير جلد 11 صفحه 201 رقم الحديث: 11492، وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 265 وقال: وفيه عبد الله بن المؤمل ضعفه أحمد وغيره وقد وثق.

5058- فيه: أ- عبد الصمد بن سليمان الأزرق: منكر الحديث. ب- الخصيب بن جحدر: كذاب. والحديث أخرجه العقيلي في الضعفاء وأنكره جلد 2 صفحه 29-30. وانظر مجمع الزوائد (27616).

قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَزْرَقُ قَالَ: نَا الْخَصِيبُ بْنُ جَحْدَرٍ، عَنْ حَبِيبِ بْنِ حِمَازٍ، عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، اَنَّ مُخَنَّثًا اُتِيَ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَخْضُوبَ الْيَدَيْنِ وَالرِّجْلَيْنِ، فَجَعَلَ اَصْحَابُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْفِقُونَهُ بِنِعَالِهِمْ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: احْذَرُوا هَذَا وَاَصْحَابَهُ عَلَى نِسَائِكُمْ . فَقَالُوا: اَفَلَا نَقْتُلُهُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: لَا، اِنِّي نُهِيتُ عَنْ قَتْلِ الْمُصَلِّينَ

ایک خنثیٰ کو حضور ﷺ کی بارگاہ میں لایا گیا' اس کے دونوں پاؤں رنگے ہوئے تھے' حضور ﷺ کے اصحاب اس کو اپنی نعلین سے دھمکانے لگے' حضور ﷺ نے فرمایا: اس کو اور اس کے ساتھیوں کو اپنی عورتوں کے پاس نہ آنے دیا کرو۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ہم ان کو مار نہ دیں؟ آپ نے فرمایا: نہیں! مجھے نمازیوں کو مارنے سے منع کیا گیا ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْخَصِيبُ بْنُ جَحْدَرٍ

یہ حدیث ابوسعید خدری سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں خصیب بن جحدر اکیلے ہیں۔

5059 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْيَمَامِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ بَنَى لِلّٰهِ بَيْتًا يُعْبَدُ اللّٰهُ فِيهِ، مِنْ مَالٍ حَلَالٍ بَنَى اللّٰهُ لَهُ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ مِنْ دُرٍّ وَيَاقُوتٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کے لیے مسجد بنائی کہ اس میں اللہ کی عبادت کی جائے حلال مال سے' اللہ عزوجل اس کے لیے جنت میں گھر بنائے گا موتیوں اور یاقوت کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث یحییٰ بن ابوکثیر سے سلیمان بن داؤد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں سعید بن سلیمان اکیلے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ سے یہ حدیث اسی

5059- اسناده فيه: سليمان بن داؤد اليمامي: متروك . انظر الميزان جلد2صفحه202 . والحديث أخرجه البزار جلد 1صفحه205 كشف الأستار . وابن عدى في الكامل جلد 3صفحه1125 . وانظر: مجمع الزوائدجلد3صفحه1125 .

سند سے روایت ہے۔

5060 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْيَمَامِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَابًا يُقَالُ لَهُ: الضُّحَى، فَاِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ نَادَى مُنَادٍ: اَيْنَ الَّذِينَ كَانُوا يُدِيمُونَ عَلَى صَلَاةِ الضُّحَى؟ هَذَا بَابُكُمْ فَادْخُلُوهُ بِرَحْمَةِ اللّٰهِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جنت کا ایک دروازہ ہے جس کو چاشت کہا جاتا ہے جب قیامت کا دن ہوگا تو ایک اعلان کرنے والا اعلان کرے گا: کہاں ہیں وہ لوگ جو نمازِ چاشت پر ہمیشگی کرتے تھے یہ تمہارے لیے دروازہ ہے اس سے داخل ہو جاؤ اللہ کی رحمت کے ساتھ۔

5061 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْيَمَامِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَنِي بِالْحَقِّ لَا تَنْقَضِي الدُّنْيَا حَتَّى يَقَعَ بِهِمُ الْخَسْفُ، وَالْمَسْخُ، وَالْقَذْفُ . قَالُوا: وَمَتَى ذَاكَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: اِذَا رَاَيْتَ النِّسَاءَ رَكِبْنَ السُّرُوجَ، وَكَثُرَتِ الْقَيْنَاتُ، وَشُهِدَ بِشَهَادَاتِ الزُّورِ، وَشَرِبَ الْمُصَلُّونَ فِي آنِيَةِ اَهْلِ الشِّرْكِ: الذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ، وَاسْتَغْنَى الرِّجَالُ بِالرِّجَالِ، وَالنِّسَاءُ بِالنِّسَاءِ، فَاسْتَذْفِرُوا وَاسْتَعِدُّوا، وَاَوْمَاَ بِيَدِهِ فَوَضَعَهَا عَلَى جَبْهَتِهِ يَسْتُرُ وَجْهَهُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: وہ ذات جس نے مجھے حق کے ساتھ بھیجا ہے! دنیا ختم نہیں ہوگی یہاں تک کہ یہ چیزیں نہ ہو جائیں: دھنسنا، شکلیں بگڑنا، تہمت لگانا۔ صحابہ کرام نے عرض کی: اے اللہ کے نبی! یہ کب ہو گا؟ آپ نے فرمایا: جب عورتیں گاڑی چلانے لگیں، جھوٹ کثرت سے ہو جائے، جھوٹی گواہی دی جانے لگے، نمازی مشرکوں کے برتنوں میں پینے لگیں یعنی چاندی سونے کے برتنوں میں پینے لگیں، مرد مردوں سے، عورتیں عورتوں سے لطف اندوز ہونے لگیں۔ اگر ایسا ہوا تو تم بڑی مصیبت کا شکار ہو جاؤ گے، کوشش کرو، آپ نے ہاتھ سے اشارہ کر کے اپنی پیشانی پر رکھ لیا اور اپنے چہرے کو ڈھانپ لیا۔

5060- اسناده فيه: سليمان بن داؤد اليمامي أبو الجمل صاحب أبي كثير وهو متروك . وانظر مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 242 .

5062 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْيَمَامِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَفِّرُوا اللِّحَى، وَخُذُوا مِنَ الشَّوَارِبِ، وَانْتِفُوا الْآبَاطَ، وَاحْذَرُوا الْفَلْقَتَيْنِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: داڑھی بڑھاؤ، مونچھیں کم کرو، بغلوں کے بال اکھیڑو اور فلقتین سے بچو۔

5063 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْيَمَامِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: سَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا بَكْرٍ: كَيْفَ تُوتِرُ؟ قَالَ: اُوتِرُ مِنْ اَوَّلِ اللَّيْلِ. قَالَ: كَيِّسٌ حَذِرٌ، ثُمَّ سَالَ عُمَرَ فَقَالَ: يَا اَبَا حَفْصٍ، كَيْفَ تُوتِرُ؟ قَالَ: اُوتِرُ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ. قَالَ: قَوِيٌّ مُعَانٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت ابوبکر سے پوچھا: آپ وتر کب پڑھتے ہیں؟ عرض کی: رات کے اوّل حصہ میں، آپ نے فرمایا: تو نے سمجھ داری اختیار کی ہے، پھر حضرت عمر سے پوچھا: اے ابوحفص! آپ وتر کب پڑھتے ہیں؟ عرض کی: رات کے آخری حصہ میں، آپ نے فرمایا: آپ نے عزیمت پر عمل کیا ہے۔

5064 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ قَالَ: نَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْيَمَامِيُّ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ثَلَاثٌ مَنْ كُنَّ فِيهِ حَاسَبَهُ اللّٰهُ حِسَابًا يَسِيرًا، وَاَدْخَلَهُ الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِهِ. قَالُوا: مَا هُنَّ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي؟ قَالَ: تُعْطِي مَنْ حَرَمَكَ، وَتَصِلُ مَنْ قَطَعَكَ، وَتَعْفُو عَنْ مَنْ ظَلَمَكَ. قَالَ: فَاِذَا فَعَلْتُ هَذَا فَمَا لِي يَا نَبِيَّ اللّٰهِ؟ قَالَ: يُدْخِلُكَ اللّٰهُ الْجَنَّةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس میں تین چیزیں ہوں اللہ عزوجل اس سے حساب آسان کردے گا اور اس کو اپنی رحمت کے صدقے جنت میں داخل کرے گا، صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ چیزیں کیا ہیں؟ میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ نے فرمایا: اس کو دے جو تجھے محروم کرے، اس سے جوڑ جو تجھ سے توڑے، اس کو معاف کرے جو تجھ پر ظلم کرے۔ عرض کی: یارسول اللہ! اگر یہ میں کروں تو میرے لیے کیا انعام ہوگا؟ آپ نے فرمایا: اللہ تجھے اپنی رحمت کے ساتھ جنت میں داخل

5065 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ قَالَ: نَا بِشْرُ بْنُ الْوَلِیدِ قَالَ: نَا سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْیَمَامِیُّ، عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِی کَثِیرٍ، عَنْ اَبِی سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ قَالَ: جَاءَ تِ امْرَاَةٌ اِلَی رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَنْ اَبَرُّ؟ قَالَ: اُمَّكَ . قَالَتْ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ اُمَّكَ . قَالَتْ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ اُمَّكَ . قَالَتْ: ثُمَّ مَنْ؟ قَالَ: ثُمَّ وَالِدَكَ

...کرے گا۔

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ ایک عورت حضور ﷺ کے پاس آئی' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! میں سب سے زیادہ نیکی کس سے کروں؟ آپ نے فرمایا: اپنی والدہ سے' اس نے عرض کی: اس کے بعد؟ آپ نے فرمایا: اپنی والدہ سے' اس نے عرض کی: اس کے بعد؟ آپ نے فرمایا: اپنی والدہ سے' اس نے عرض کی: اس کے بعد؟ فرمایا: اپنے والد سے۔

لَمْ یَرْوِ هَذِهِ الْاَحَادِیثَ عَنْ یَحْیَی بْنِ اَبِی کَثِیرٍ اِلَّا سُلَیْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْیَمَامِیُّ

یہ تمام احادیث یحییٰ بن کثیر سے سلیمان بن داؤد الیمامی روایت کرتے ہیں۔

5066 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ قَالَ: نَا یَزِیدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَعْنِیُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِیُّ، عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَیْمَنَ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: نَزَلَ بِجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ضَیْفٌ لَهُ، فَجَاءَ هُمْ بِخُبْزٍ وَخَلٍّ، فَقَالَ: کُلُوا، فَاِنِّی سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ: نِعْمَ الْاِدَامُ الْخَلُّ هَلَاکًا بِالْقَوْمِ اَنْ یَحْتَقِرُوا مَا قُدِّمَ اِلَیْهِمْ، وَهَلَاكٌ بِالرَّجُلِ اَنْ یَحْتَقِرَ مَا فِی بَیْتِهِ اَنْ یُقَدِّمَهُ اِلَی اَصْحَابِهِ

حضرت عبدالواحد بن ایمن اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ وہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے ہاں مہمان ٹھہرے' حضرت جابر ان کے پاس روٹی اور سرکہ لے کر آئے' فرمایا: کھاؤ! کیونکہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ سرکہ بہترین سالن ہے' ہلاکت ہے اُن لوگوں کے لیے جن کو دیا جائے تو وہ اس کو حقیر جانیں اور ہلاکت ہے اس کے لیے بھی جس کے گھر میں ہو وہ اپنے مہمان کو دینے میں عار سمجھے۔

5065- انظر مجمع الزوائد جلد8صفحه142 .

5066- اسناده حسن' فیه: یزید بن عبد الرحمٰن بن مصعب المعنی' قال أبو حاتم: صدوق . تخریجه: أبو یعلیٰ' وأحمد' والبیهقی' بنحوه . وقال الهیثمی فی المجمع جلد 8صفحه183: وفی اسناد أبی یعلی أبو طالب' ولم أعرفه' وبقیة رجال أبی یعلی وثقوا .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَيْمَنَ اِلَّا الْمُحَارِبِيُّ

یہ حدیث عبدالواحد بن ایمن سے محاربی روایت کرتے ہیں۔

5067 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نَا اَبُو هَمَّامٍ مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبَّادُ بْنُ تَمِيمٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ يُصَلُّونَ عَلَى الَّذِينَ يَصِلُونَ الصُّفُوفَ ، وَقَالَ: مَا بَيْنَ الْفَذِّ وَالْجَمَاعَةِ خَمْسٌ وَعِشْرُونَ دَرَجَةً

حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بے شک اللہ اور اس کے فرشتے ان لوگوں پر رحمت بھیجتے ہیں جو صفیں ملاتے ہیں' اکیلے نماز پڑھنے سے باجماعت نماز پڑھنا پچیس گنا زیادہ ثواب ہے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الزِّبْرِقَانِ

یہ حدیث عبداللہ بن زید سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن زبرقان اکیلے ہیں۔

5068 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَصْبَهَانِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: بِمَ اَعْرِفُ اَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَرَاَيْتَ اِنْ دَعَوْتُ هَذَا الْعَذْقَ مِنْ هَذِهِ النَّخْلَةِ اَتَشْهَدُ اَنِّي رَسُولُ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ. فَدَعَا الْعَذْقَ فَجَعَلَ يَنْزِلُ مِنَ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ ایک دیہاتی آدمی رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میں کیسے پہچانوں کہ آپ اللہ کے نبی ہیں؟ آپ نے فرمایا: آپ مجھے بتائیں گے اگر میں اس کھجور کے درخت کے پھل کو بلاؤں تو تُو گواہی دے گا کہ میں اللہ کا رسول ہوں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے اس درخت کے پھل کو بلایا' وہ کھجور کے

5067- اسناده فيه: موسى بن عبيدة' وهو ضعيف . وعزاه الهيثمى فى المجمع الى الطبرانى فى الكبير' أيضًا . انظر مجمع الزوائد جلد2صفحه41 .

5068- أخرجه أحمد: المسند جلد 1صفحه293 رقم الحديث: 1959 بنحوه . والبيهقى فى دلائل النبوة جلد6 صفحه15' والطبرانى فى الكبير جلد12صفحه110 رقم الحديث: 12622' ولفظه للبيهقى والطبرانى فى الكبير .

النَّـخْـلَةِ حَتّٰی سَقَطَ فِی الْاَرْضِ، فَجَعَلَ یَنْقُزُ حَتّٰی اَتَـی الـنَّبِـیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: ارْجِعْ فَرَجَعَ، ثُمَّ عَادَ اِلٰی مَكَانِهِ، فَقَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ

درخت سے نیچے اُترا' زمین پر گرا' جلدی جلدی حضورﷺ کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: واپس چلے جاؤ! وہ دوبارہ اپنی جگہ چلا گیا' اس دیہاتی نے عرض کی: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور آپ اللہ کے رسول ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ سِمَاكٍ اِلَّا شَرِیكٌ

یہ حدیث سماک سے شریک روایت کرتے ہیں۔

5069 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِیدٍ الْاَصْبَهَانِیُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ الْمُخْتَارِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ، عَنْ اُمِّ نَصْرٍ الْمُحَارِبِیَّةِ، قَالَتْ: سَاَلَ رَجُلٌ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْجَلَّالَةِ، فَقَالَ: اَلَیْسَ تَرْعَی الْكَلَاَ، وَتَاْكُلُ الشَّجَرَ؟ لَعَلَّهُ قَالَ: بَلٰی قَالَ: فَاَصِبْ مِنْ لُحُومِهَا

حضرت اُم نصر محاربیہ فرماتی ہیں کہ ایک آدمی نے رسول اللہﷺ سے گندگی کھانے والی مرغی کے متعلق پوچھا تو آپ نے فرمایا: کیا وہ گھاس اور درخت کے پتے نہیں کھاتی ہے؟ اس نے عرض کی: ہوسکتا ہے وہ کھاتی ہو؟ آپ نے فرمایا: اس کا گوشت کھاؤ۔

لَا یُرْوَی هَذَا الْحَدِیثُ عَنْ اُمِّ نَصْرٍ الْمُحَارِبِیَّةِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِبْرَاهِیمُ بْنُ الْمُخْتَارِ

یہ حدیث اُم نصر محاربیہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں ابراہیم بن مختار اکیلے ہیں۔

5070 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِیُّ قَالَ: نَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِیدِ الْمَعْنِیُّ قَالَ: نَا سُلَیْمَانُ بْنُ الْمُغِیرَةِ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِیِّ قَالَ: قَالَ اَنَسٌ: لَمَّا نُهِینَا اَنْ نَبْتَدِءَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یُعْجِبُنَا اَنْ یَقْدُمَ الرَّجُلُ الْبَدَوِیُّ الْعَاقِلُ، فَیَسْاَلُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ، فَبَیْنَمَا

حضرت ثابت بنانی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم کو منع کیا گیا کہ ہم حضورﷺ سے سوال کرنے کی ابتداء کریں' ہم پسند کرتے تھے کہ کوئی سمجھدار دیہاتی آدمی آئے' وہ حضورﷺ سے سوال کرے' ہم آپ کے پاس ہی ہوں' اس حالت میں اچانک ایک دیہاتی آیا' اس نے عرض کی: اے محمد! آپ کا بھیجا ہوا آیا ہے' وہ گمان کرتا

5069- اسناده فيه: ابراهيم بن المختار التميمى أبو اسماعيل الرازى: صدوق ضعيف الحفظ ـ وقال الهيثمى فى المجمع جلد**5**صفحه**53**: وفيه (ابن) اسحاق' وهو مدلس' ولكنه ثقة' وبقية رجاله ثقات' وفى بعضهم كلام لا يضر

5070- أخرجه البخارى: العلم جلد **1** صفحه**179** رقم الحديث: **63**' ومسلم: الايمان جلد **1** صفحه **41** ولفظه لمسلم ـ

نَحْنُ كَذٰلِكَ اِذْ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ، فَقَالَ: يَا مُحَمَّدُ، اِنَّ رَسُولَكَ اَتَانَا، فَزَعَمَ اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَكَ، فَقَالَ: صَدَقَ . فَقَالَ: فَبِالَّذِي نَصَبَ الْجِبَالَ، وَرَفَعَ السَّمَاءَ، وَبَسَطَ الْاَرْضَ آللّٰهُ اَرْسَلَكَ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ . فَقَالَ: اِنَّ رَسُولَكَ يَزْعُمُ اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ . قَالَ: فَبِالَّذِي اَرْسَلَكَ آللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ . قَالَ: فَاِنَّ رَسُولَكَ يَزْعُمُ اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا صَوْمَ شَهْرٍ فِي السَّنَةِ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ . قَالَ: فَبِالَّذِي اَرْسَلَكَ آللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ . قَالَ: فَاِنَّ رَسُولَكَ زَعَمَ اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا فِي اَمْوَالِنَا زَكَاةً، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَدَقَ . قَالَ: فَبِالَّذِي اَرْسَلَكَ آللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا؟ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ . قَالَ: فَاِنَّ رَسُولَكَ يَزْعُمُ اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا الحَجَّ الى الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيلًا، فَقَالَ: صَدَقَ . قَالَ: فَبِالَّذِي اَرْسَلَكَ آللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَعَمْ . قَالَ: فَوَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَدَعُ مِنْهُنَّ شَيْئًا، وَلَا اُجُوزُهُنَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنْ صَدَقَ الْاَعْرَابِيُّ دَخَلَ الْجَنَّةَ

ہے آپ کے متعلق کہتا ہے کہ اللہ نے آپ کو بھیجا ہے آپ نے فرمایا: اس نے سچ کہا اس نے عرض کی: وہ ذات جس نے پہاڑوں کو گاڑا ہے اور آسمان کو بلند کیا ہے اور زمین کو بچھونا بنایا ہے کیا اللہ نے آپ کو بھیجا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: آپ کا بھیجا ہوا گمان کرتا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ ہم پر دن اور رات پانچ نمازیں فرض ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اس نے سچ کہا ہے اس نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے کیا اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: آپ کا قاصد گمان کرتا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ ہم پر رمضان کے روزے فرض ہیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: اس نے سچ کہا ہے اس نے عرض کی: جس ذات نے آپ کو بھیجا ہے کیا اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: آپ کا قاصد گمان کرتا ہے کہ آپ نے فرمایا ہے کہ ہم پر ہمارے اموال میں زکوٰۃ فرض ہے حضور ﷺ نے فرمایا: اس نے سچ کہا ہے اس نے عرض کی: جس ذات نے آپ کو بھیجا ہے کیا اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: آپ کا قاصد گمان کرتا ہے کہ آپ فرماتے ہیں کہ ہم پر حج فرض ہے جو طاقت رکھے آپ نے فرمایا: اس نے سچ کہا اس نے عرض کی: جس ذات نے آپ کو بھیجا ہے کیا اللہ نے آپ کو حکم دیا ہے؟ حضور ﷺ نے فرمایا: جی ہاں! اس نے عرض کی: وہ

ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے' میں ان اشیاء کو نہ چھوڑوں گا نہ کمی کروں گا۔ حضورﷺ نے فرمایا: اگر دیہاتی سچ کہتا ہے تو جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ إِلَّا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيرَةِ

یہ حدیث ثابت بنانی سے سلیمان بن مغیرہ روایت کرتے ہیں۔

5071 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا نُوحُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ أَخِيهِ خَالِدِ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللَّهِ، أَخْبِرْنِي بِمَا افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَيَّ مِنَ الصَّلَاةِ؟ قَالَ: افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَى عِبَادِهِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ . قَالَ: هَلْ قَبْلَهُنَّ أَوْ بَعْدَهُنَّ شَيْءٌ؟ قَالَ: افْتَرَضَ اللَّهُ عَلَى عِبَادِهِ صَلَوَاتٍ خَمْسًا . قَالَ: وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَا أَزِيدُ عَلَيْهِنَّ شَيْئًا، وَلَا أَنْقُصُ مِنْهُنَّ شَيْئًا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَخَلَ الْجَنَّةَ إِنْ صَدَقَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضورﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے بتائیں جو اللہ عزوجل نے مجھ پر نماز فرض کی ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں' اس نے عرض کی: کیا ان سے پہلے اور بعد میں کوئی شی ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے اپنے بندوں پر پانچ نمازیں فرض کی ہیں' اس نے عرض کی: وہ ذات جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! میں اس میں کسی شی کا اضافہ کروں گا نہ کمی' حضورﷺ نے فرمایا: اگر سچ بولتا ہے تو جنت میں داخل ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ قَتَادَةَ إِلَّا خَالِدُ بْنُ قَيْسٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: نُوحُ بْنُ قَيْسٍ

یہ حدیث قتادہ سے خالد بن قیس روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں نوح بن قیس اکیلے ہیں۔

5072 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْأَزْدِيُّ قَالَ: نَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: گناہوں کا کفارہ' ندامت ہے۔

5071- تقدم تخريجه .

5072- اسناده فيه: يحيى بن عمرو بن مالك النكرى البصرى' ضعفه ابن معين' وأبو زرعة' وأبو داؤد' والنسائى' والدولابى . تخريجه الطبرانى فى الكبير' وأحمد . انظر: مجمع الزوائد جلد 10 صفحه 202 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَفَّارَةُ الذُّنُوبِ النَّدَامَةُ

5073 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَوْ لَمْ تُذْنِبُوا لَجَاءَ اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُذْنِبُونَ فَيَغْفِرُ لَهُمْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تم گناہ نہیں کرو گے تو اللہ عزوجل ایسی قوم کو لائے گا جو گناہ کریں گے اللہ سے بخشش مانگیں گے اللہ عزوجل ان کو معاف کرے گا۔

لَا يُرْوَى هَذَانِ الْحَدِيثَانِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: يَحْيَى بْنُ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ

یہ دونوں حدیثیں ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے ان دونوں کو یحییٰ بن عمرو بن مالک النکری روایت کرتے ہیں۔

5074 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ، عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِي سُلَيْمٍ، عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي اَهْلِ الذِّمَّةِ: لَهُمْ مَا اَسْلَمُوا عَلَيْهِ مِنْ اَرْضِيهِمْ، وَرَقِيقِهِمْ، وَمَاشِيَتِهِمْ، وَلَيْسَ عَلَيْهِمْ فِي شَيْءٍ مِنْ ذَلِكَ اِلَّا الصَّدَقَةُ

حضرت سلیمان بن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ذمیوں کے متعلق فرمایا: ان کے لیے ہے جس پر وہ اسلام لائیں ان کی زمین اور ان کے غلام اور جانور وغیرہ ان پر کوئی شی نہیں ہے سوائے صدقہ کے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ اِلَّا لَيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

یہ حدیث علقمہ بن مرثد سے لیث بن ابوسلیم روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

5073- انظر مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **218** .

5074- ذكره الهيثمي في المجمع جلد **3** صفحه **66** وقال: رواه أحمد، والبزار، والطبراني في الأوسط، وفيه ليث بن أبي سليم وقد وثق ولكنه مدلس .

5075 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ وَاقِدٍ الْحَرَّانِيُّ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يُخْبِرُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اُقِيمَتِ الصَّلَاةُ وَاَحَدُكُمْ صَائِمٌ فَلْيَبْدَاْ بِالْعَشَاءِ قَبْلَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ، وَلَا تَعْجَلُوا عَنْ عَشَائِكُمْ لَمْ يَقُلْ فِي هَذَا الْحَدِيثِ: وَاَحَدُكُمْ صَائِمٌ فَلْيَبْدَاْ بِالْعَشَاءِ قَبْلَ صَلَاةِ الْمَغْرِبِ ، اِلَّا عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، تَفَرَّدَ بِهِ مُوسَى بْنُ اَعْيَنَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جب نماز کے لیے اقامت پڑھی جائے اور تم میں کوئی روزے کی حالت میں ہو تو وہ نمازِ مغرب سے پہلے شام کا کھانا کھالے اور اپنی نماز کے لیے جلدی نہ کرے۔ اس حدیث کے الفاظ کہ تم میں کوئی روزے کی حالت میں ہو تو نماز سے پہلے کھانا کھالے' عمرو بن حارث نے نقل کیے ہیں' اس کو روایت کرنے میں موسیٰ بن اعین اکیلے ہیں۔

5076 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ يَحْيَى قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حِبَّانَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمِ بْنِ خَلْدَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِي قَتَادَةَ قَالَ: دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ بَيْنَ ظَهْرَانَيِ النَّاسِ قَالَ: فَجَلَسْتُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا مَنَعَكَ اَنْ تَرْكَعَ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ تَجْلِسَ؟ ، فَقَالَ: اِنِّي رَاَيْتُكَ جَالِسًا وَالنَّاسُ جُلُوسٌ . قَالَ: فَاِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلَا يَجْلِسْ حَتَّى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى اِلَّا زَائِدَةُ

حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مسجد میں داخل ہوا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم لوگوں کے درمیان تشریف فرما تھے' میں بیٹھ گیا' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: آپ کو بیٹھنے سے پہلے دو رکعتیں پڑھنے سے کیا رکاوٹ تھی؟ عرض کی: میں نے آپ کو اور لوگوں کو بیٹھے دیکھا ہے' آپ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی مسجد میں داخل ہو تو وہ دو رکعتیں پڑھنے سے پہلے نہ بیٹھے۔

یہ حدیث عمرو بن یحییٰ سے زائدہ روایت کرتے ہیں۔

5075- اسناده صحيح . انظر مجمع الزوائد جلد2صفحه49 .

5076- أخرجه البخاري: التهجد جلد3صفحه58 رقم الحديث: 1167' ومسلم: المسافرين جلد 1صفحه495 ولفظه لمسلم .

5077 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ قَالَ: نَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ قَالَ: نَا سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَاَنَّمَا جُلُوسُهُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ عَلَى الرَّضْفِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلی التحیات میں ایسے بیٹھتے جیسا کہ آپ گرم پتھر پر بیٹھے ہیں، یعنی انتہائی مختصر بیٹھے۔

5078 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ النَّضْرِ الْاَزْدِيُّ قَالَ: نَا مُعَاوِيَةُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ: نَا زَائِدَةُ، عَنْ مِسْعَرٍ قَالَ: سَمِعْتُ عَدِيَّ بْنَ ثَابِتٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الْعِشَاءِ بِالتِّينِ وَالزَّيْتُونِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نمازِ عشاء میں والتین والزیتون پڑھتے ہوئے سنا۔

لَمْ يُسْنِدْ زَائِدَةُ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا هٰذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ

زائدہ' مسعر سے ان دونوں حدیثوں کو روایت کرتے ہیں۔

5079 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ قَالَ: نَا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا الْمُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، عَنْ عُرْوَةَ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَوَى اِلَى فِرَاشِهِ كُلَّ لَيْلَةٍ جَمَعَ كَفَّيْهِ، ثُمَّ نَفَثَ فِيهِمَا، فَقَرَاَ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ وَقُلْ اَعُوذُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بستر پر آتے ہر رات تو آپ دونوں ہتھیلیوں کو اکٹھا کرتے' پھر اس میں پھونک مارتے' دونوں میں قل ھو اللہ احد' قل اعوذ برب الفلق' قل اعوذ برب الناس پڑھتے' پھر دونوں کو جسم پر ملتے جتنی طاقت رکھتے جسم پر ملنے کی' چہرے اور سر سے ابتداء کرتے' جو

5077- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 260 رقم الحديث: 995' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 202 رقم الحديث: 366' وقال: حديث حسن . والنسائي: التطبيق جلد 2 صفحه 194 (باب التخفيف في التشهد الأوسل)' وأحمد: المسند جلد 1 صفحه 502 رقم الحديث: 3655 .

5078- أخرجه البخاري: الأذان جلد 2 صفحه 293 رقم الحديث: 769' ومسلم: الصلاة جلد 1 صفحه 339 .

5079- أخرجه البخاري: فضائل القرآن جلد 8 صفحه 679 رقم الحديث: 5017' وأبو داؤد: الأدب جلد 4 صفحه 315 رقم الحديث: 5056' والترمذي: الدعوات جلد 5 صفحه 473 رقم الحديث: 3402 .

بِرَبِّ الْفَلَقِ وقُلْ اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاسِ، ثُمَّ يَمْسَحُ بِهِمَا مَا اسْتَطَاعَ مِنْ جَسَدِهِ، يَبْدَأُ بِهِمَا عَلَى رَأْسِهِ، وَوَجْهِهِ، وَمَا اَقْبَلَ مِنْ جَسَدِهِ، وَيَفْعَلُ ذٰلِكَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

اپنے جسم کے سامنے ہوتا' ایسا آپ تین مرتبہ کرتے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ بِهَذَا التَّمَامِ عَنِ الزُّهْرِي اِلَّا عُقَيْلُ بْنُ خَالِدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُفَضَّلُ بْنُ فَضَالَةَ

یہ حدیث تمام زہری سے اور تمام سے عقیل بن خالد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں مفضل بن فضالہ اکیلے ہیں۔

5080 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّبَّاحِ الدُّولَابِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي الزِّنَادِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: خَرَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اسْتَكْثِرُوا مِنَ النِّعَالِ، فَاِنَّ الرَّجُلَ لَا يَزَالُ رَاكِبًا مَا انْتَعَلَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ ایک جہاد میں نکلے' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جوتے کثرت سے پہنا کرو کیونکہ آدمی جب تک جوتی پہنے ہوتا ہے سواری پر ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ

یہ حدیث موسیٰ بن عقبہ سے ابن ابوالزیادہ روایت کرتے ہیں۔

5081 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشِيرٍ الْكِنْدِيُّ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ هَاشِمِ بْنِ الْبَرِيدِ، عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبُو مَرْيَمَ الْاَنْصَارِيُّ، وَكَانَ ابْنَ خَمْسِينَ وَمِائَةِ سَنَةٍ قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ، يَقُولُ: سُئِلَ رَسُولُ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے پوچھا گیا: کون سے اعمال افضل ہیں؟ آپ نے فرمایا: مؤمن کو خوش کرنا' بھوکا ہو تو کھانا کھلانا' کپڑے نہ ہوں تو کپڑے پہنانا' یا ضرورت مند ہو تو ضرورت پوری کرنا۔

5080- أخرجه مسلم: اللباس جلد 3 صفحه 1660' وأبو داؤد: اللباس جلد 4 صفحه 67 رقم الحديث: 4133' وأحمد: المسند جلد 3 صفحه 441 رقم الحديث: 14886 .

5081- ذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد 3 صفحه 133 وقال: وفيه محمد بن بشير الكندي وهو ضعيف . انظر الترغيب للمنذري جلد 3 صفحه 394 رقم الحديث: 19 .

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ؟ قَالَ: اِدْخَالُكَ السُّرُورَ عَلَى مُؤْمِنٍ اَشْبَعْتَ جَوْعَتَهُ، اَوْ كَسَوْتَ عُرْيَهُ، اَوْ قَضَيْتَ لَهُ حَاجَةً

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَثِيرٍ النَّوَّاءِ اِلَّا عَلِیُّ بْنُ هَاشِمٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ بَشِيرٍ، وَلَا يُرْوَى عَنْ عُمَرَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث کثیر النواء سے علی بن ہاشم روایت کرتے ہیں' ان سے روایت کرنے میں محمد بن بشیر اکیلے ہیں۔ ابن عمر سے اسی سند سے ہی روایت ہے۔

5082 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِی اَبِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ قَالَ: وَكُنْتُ اَدْعُو جَدِّی اَبِی قَالَ: نَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ لِآلِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَادِمٌ تَخْدُمُهُمْ، يُقَالُ لَهَا: بَرَّةٌ، فَلَقِيَهَا رَجُلٌ، فَقَالَ لَهَا: يَا بَرَّةُ غَطِّی شُعَيْفَاتِكِ، فَاِنَّ مُحَمَّدًا لَنْ يُغْنِیَ عَنْكِ مِنَ اللّٰهِ شَيْئًا، فَاَخْبَرَتِ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجَ يَجُرُّ رِدَاءَهُ مُحْمَرَّةٌ وَجْنَتَاهُ وَكُنَّا مَعْشَرُ الْاَنْصَارِ نَعْرِفُ غَضَبَهُ بِجَرِّ رِدَائِهِ، وَحُمْرَةِ وَجْنَتَيْهِ فَاَخَذْنَا السِّلَاحَ، ثُمَّ اَتَيْنَاهُ فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مُرْنَا بِمَا شِئْتَ، فَوَالَّذِی بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَوْ اَمَرْتَنَا بِاُمَّهَاتِنَا وَآبَائِنَا وَاَوْلَادِنَا لَاَمْضَيْنَا قَوْلَكَ فِيهِمْ، فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ، فَحَمِدَ اللّٰهَ، وَاَثْنَى عَلَيْهِ، وَقَالَ: مَنْ

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کی آل کا خادم تھا جو اُن کی خدمت کرتا تھا' اس کو برہ کہا جاتا تھا' اس کو ایک آدمی ملا' اس نے کہا: اے برہ! بے شک محمد آپ کا اللہ کے ہاں کوئی مدد نہیں کریں گے' حضور ﷺ کو بتایا گیا' آپ نکلے اس حالت میں کہ آپ کی چادر گھسٹ رہی تھی' آپ کا چہرہ سرخ تھا' ہم انصار کے لوگ آپ کا غصہ معلوم کر لیتے تھے کہ آپ کی چادر گھسٹ رہی ہوتی تھی' آپ کا چہرہ سرخ ہو جاتا تھا' ہم نے اسلحہ پکڑا' پھر ہم آئے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو آپ جو چاہیں حکم دیں' اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! اگر آپ ہم کو اپنی مائیں اور باپوں اور اپنی اولاد کے متعلق حکم دیں گے تو ہم آپ کے ارشاد کو پورا کر دیں گے۔ آپ منبر پر جلوہ افروز ہوئے' اللہ کی حمد و ثناء بیان کی' فرمایا: میں کون ہوں؟ ہم نے عرض کی: آپ اللہ کے رسول ہیں' آپ نے فرمایا:

5082- اسناده فيه: القاسم بن محمد بن عبد الله الهاشمي الطالبي' قال أحمد: ليس بشيء' وقال أبو زرعة: أحاديثه منكرة' وقال أبو حاتم: متروك' وذكره ابن حبان في الثقات . وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 378: ورجاله وثقوا على ضعف كثير في عبيد بن اسحاق العطار والقاسم بن محمد بن عبد الله بن محمد بن عقيل .

اَنَا؟ فَقُلْنَا: اَنْتَ رَسُولُ اللّٰهِ. قَالَ: نَعَمْ وَلٰكِنْ مَنْ اَنَا؟ . فَقُلْنَا: اَنْتَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ بْنِ هَاشِمِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ. قَالَ: اَنَا سَيِّدُ وَلَدِ آدَمَ وَلَا فَخَرَ، وَاَوَّلُ مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَلَا فَخَرَ، وَاَوَّلُ مَنْ يُنْفَضُ التُّرَابُ عَنْ رَاْسِهِ وَلَا فَخَرَ، وَاَوَّلُ دَاخِلِ الْجَنَّةَ وَلَا فَخَرَ، مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَزْعُمُونَ اَنَّ رَحِمِي لَا تَنْفَعُ، لَيْسَ كَمَا زَعَمُوا، اِنِّي لَاَشْفَعُ، وَاُشَفَّعُ حَتّٰى اِنَّ مَنْ اَشْفَعُ لَهُ لِيَشْفَعَ فَيُشَفَّعُ، حَتّٰى اِنَّ اِبْلِيسَ لَيَتَطَاوَلُ فِي الشَّفَاعَةِ

ٹھیک ہے لیکن میں کون ہوں؟ ہم نے عرض کی: آپ محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن عبدمناف ہیں' آپ نے فرمایا: میں اولادِ آدم کا سردار ہوں کوئی فخر نہیں' میں پہلا ہوں جس کی قبر سب سے پہلے کھلے گی کوئی فخر نہیں' میں سب سے پہلے اپنے سر سے مٹی صاف کروں گا کوئی فخر نہیں' میں سب سے پہلے جنت میں داخل ہوں گا کوئی فخر نہیں' ان لوگوں کا کیا حال ہے جو کہتے ہیں کہ میری رشتے داری کوئی نفع نہیں دے گی' جیسے وہ گمان کرتے ہیں میں ضرور شفاعت کروں گا' میں شفاعت کروں گا یہاں تک کہ میں شفاعت کروں گا' یہاں تک کہ ابلیس بھی میری شفاعت کا اُمیدوار ہو جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُقَيْلٍ، عَنْ جَابِرٍ اِلَّا الْقَاسِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث عبداللہ بن محمد بن عقیل جابر سے روایت کرتے ہیں' عبداللہ سے قاسم بن عبداللہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبید بن اسحاق اکیلے ہیں۔

5083 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا كَامِلٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُنَادِي مُنَادٍ كُلَّ صَبَاحٍ: اللّٰهُمَّ اَعْطِ مُنْفِقًا خَلَفًا، وَاَعْطِ مُمْسِكًا تَلَفًا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر صبح اعلان کرنے والا اعلان کرتا ہے: اے اللہ! خرچ کرنے والے کو اس کا بدلہ دے' اے اللہ! خرچ نہ کرنے والے کے حصہ کو ضائع کر دے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث عبید بن اسحاق ہی روایت کرتے ہیں۔

5084 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ

حضرت عون بن ابوجحیفہ اپنے والد سے روایت

5083- أخرجه البخاري: الزكاة جلد 3 صفحه 357 رقم الحديث: 1442' ومسلم: الزكاة جلد 2 صفحه 700 بلفظ: ما من يوم يصبح العباد فيه...... .

5084- أخرجه البخاري: البيوع جلد 4 صفحه 497 رقم الحديث: 2238' وأحمد: المسند جلد 4 صفحه 380 رقم الحديث: 18795 .

قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا كَامِلٌ اَبُو الْعَلَاءِ، عَنْ عَوْنِ بْنِ اَبِى جُحَيْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ الدَّمِ

کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خون فروخت کرنے سے منع کیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ كَامِلٍ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث کامل سے عبید بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔

5085 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِى صَالِحٍ، وَاَبِى حَازِمٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ شَرَّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ ذُو الْوَجْهَيْنِ، الَّذِى يَاْتِى هٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ وَهٰؤُلَاءِ بِوَجْهٍ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ہاں بدترین لوگ وہ ہوں گے جو دو چہرے والے ہوں گے' ادھر دوسرے چہرے کے ساتھ اُدھر دوسرے چہرے کے ساتھ۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِى حَازِمٍ اِلَّا قَيْسٌ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ

یہ حدیث اعمش ابوحازم سے اور اعمش' قیس سے روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عبیداللہ بن اسحاق اکیلے ہیں۔

5086 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا اَبُو مَرْيَمَ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ اَبِى حَازِمٍ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بِاَىِّ شَىْءٍ تَعْرِفُ اُمَّتَكَ؟ قَالَ: غُرٌّ مُحَجَّلُونَ مِنْ اَثَرِ الطَّهُورِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے' عرض کی گئی: یارسول اللہ! آپ اپنی اُمت کو کیسے پہچانیں گے؟ آپ نے فرمایا: ان کے وضو والے اعضاء چمک رہے ہوں گے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْاَعْمَشِ اِلَّا اَبُو مَرْيَمَ، وَابْنُ فُضَيْلٍ، وَلَمْ يَرْوِهِ عَنِ ابْنِ فُضَيْلٍ اِلَّا السَّرِىُّ بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث اعمش سے ابومریم اور ابن فضیل روایت کرتے ہیں' ابن فضیل سے سری بن عاصم روایت کرتے ہیں۔

5085- أخرجه البخارى: الأحكام جلد13صفحه182 رقم الحديث:7179' ومسلم: البر جلد4صفحه2011 .

5086- أخرجه البخارى: الوضوء جلد1صفحه283 رقم الحديث:136' ومسلم: الوضوء جلد1صفحه218 .

5087 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: طَهِّرُوا هٰذِهِ الْاَجْسَادَ طَهَّرَكُمُ اللّٰهُ، فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ عَبْدٍ يَبِيتُ طَاهِرًا اِلَّا بَاتَ مَعَهُ فِي شِعَارِهِ مَلَكٌ، لَا يَنْقَلِبُ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ اِلَّا قَالَ: اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِكَ فَاِنَّهُ بَاتَ طَاهِرًا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: تم جسموں کو پاک رکھو اللہ عزوجل تم کو پاک کرے گا' جو کوئی بندہ پاکی کی حالت میں رات گزارتا ہے' اس کے ساتھ فرشتہ ہوتا ہے' رات کے کسی بھی وقت اپنی کروٹ بدلتا ہے تو فرشتہ عرض کرتا ہے: اے اللہ! اپنے بندہ کو معاف فرما کیونکہ اس نے باوضو رات گزاری ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ اِلَّا الْعَبَّاسُ بْنُ عُتْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ

یہ حدیث عطاء بن ابورباح سے عباس بن عتبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں اسماعیل بن عیاش اکیلے ہیں۔

5088 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ الْجَوْهَرِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَيُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ، وَاَيُّكُمْ مِثْلُهُ؟ كَانَ اَمْلَكَكُمْ لِاَرَبِهِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ حالت روزہ میں ساتھ لیٹتے اور بوسہ لیتے' آپ کی مثل کون ہے؟ آپ اپنے نفس پر زیادہ قابو رکھنے والے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ

یہ حدیث حماد سے محمد بن طلحہ اور محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔

5089 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ

حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ

5087- اسناده فيه: العباس بن عتبة' ذكره العقيلي في الضعفاء' وقال: لا يصح حديثه' ثم ذكره له هذا الحديث' وذكره ابن حبان في الثقات' وسماه عياش . وقال الهيثمي في المجمع جلد10صفحه131: واسناده حسن .

5088- أخرجه البخاري: الصوم جلد4صفحه176 رقم الحديث: 1927' ومسلم: الصيام جلد2صفحه777 .

5089- أخرجه أحمد: المسند جلد 1صفحه308-309 رقم الحديث: 2098' والطبراني في الكبير جلد 12 صفحه 282 رقم الحديث: 11743' وذكره الحافظ الهيثمي في المجمع جلد4صفحه113' وقال:

قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نَا شَرِيكٌ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْتَاعَ عِيرًا قَدِمَتْ، فَرَبِحَ فِيهَا اَوَاقٍ مِنْ ذَهَبٍ فَتَصَدَّقَ بِهَا عَلَى اَرَامِلِ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ، وَقَالَ: لَا اَشْتَرِي شَيْئًا لَيْسَ عِنْدِي ثَمَنُهُ

رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اونٹ خریدتے' اس میں کئی اوقیہ سونا نفع پاتے' ان پیسوں کو بنوعبدالمطلب کی بیوہ عورتوں پر صدقہ کرتے۔ اور آپ نے فرمایا: میں وہی چیز خریدتا ہوں جس کے خریدنے کی قیمت میرے پاس موجود ہوتی ہے۔

لَمْ يُجَوِّدْ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ شَرِيكٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، وَعَمْرُو بْنُ عَوْنٍ

اس حدیث کو شریک سے سعید بن سلیمان اور عمرو بن عون روایت کرتے ہیں۔

5090 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نَا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ قَالَ: نَا اَبُو جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النَّجُودِ، عَنْ اَبِي صَالِحٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لِيَمْتَلِءَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ قَيْحًا خَيْرٌ لَهُ مِنْ اَنْ يَمْتَلِءَ شِعْرًا

صحابہ کرام حضور ﷺ کے پاس آئے' انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! مال دار لوگ درجات میں بلندی حاصل کر گئے ہیں' وہ نماز پڑھتے ہیں جس طرح ہم پڑھتے ہیں' وہ روزہ رکھتے ہیں جس طرح ہم روزہ رکھتے ہیں' وہ حج کرتے ہیں جس طرح ہم حج کرتے ہیں' وہ فالتو مال خرچ کرتے ہیں اور صدقہ کرتے ہیں' ہمارے پاس مال نہیں ہے جو ہم صدقہ کریں۔ آپ نے فرمایا: کیا میں تم کو بتاؤں ایسے کام کے متعلق کہ جب تم وہ کرلو تو تم ان کی نیکیوں سے آگے نکل جاؤ' تمہارے پیچھے والے تم سے آگے نہ نکل سکیں گے مگر وہ جو وہی عمل کریں جو تم کرتے ہو' تم ہر فرض نماز کے بعد تینتیس مرتبہ سبحان اللہ' تینتیس مرتبہ الحمد للہ' چونتیس مرتبہ اللہ اکبر پڑھ لیا کرو۔ یہ بات مال دار صحابہ تک پہنچی تو انہوں نے بھی یہ عمل شروع کر دیا' وہ غریب صحابہ کرام آپ کے پاس آئے اور عرض کرنے لگے: یارسول اللہ! ان کو معلوم ہو گیا' آپ نے فرمایا: اللہ کا یہ فضل ہے جسے چاہے دے۔

5311 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نَا هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نَا ضِمَامُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ، عَنْ أَبِي قَبِيلٍ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ أَبِي سُفْيَانَ، رَحِمَهُ اللّٰهُ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: سَيَكُونُ بَعْدِي أَئِمَّةٌ، يَقُولُونَ عَلَى مَنَابِرِهِمْ فَلَا يُرَدُّ عَلَيْهِمْ قَوْلُهُمْ،

حضرت معاویہ بن سفیان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد ایسے آئمہ آئیں گے' وہ منبروں پر کہیں گے ان کی بات کا جواب نہیں ہوگا' وہ جہنم میں ایسے تپائے جائیں گے جس طرح ہنڈیا تپتی ہے۔

5311- اسناده فيه: هانئ بن المتوكل: ضعيف . وذكره الهيثمي في المجمع جلد **5** صفحه **239** مطولاً' وقال: رواه الطبراني في الكبير والأوسط' وأبو يعلى' ورجاله ثقات .

يَتَقَاحَمُونَ فِي النَّارِ كَمَا يَتَقَاحَمُ الْقِرَدَةُ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي قَبِيلٍ إِلَّا ضِمَامُ بْنُ إِسْمَاعِيلَ

یہ حدیث ابو قبیل سے ضمام بن اسماعیل روایت کرتے ہیں۔

5312 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ الصَّبَّاحِ قَالَ: نا هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ الْإِسْكَنْدَرَانِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ، عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ مَاتَ مُرَابِطًا فِي سَبِيلِ اللَّهِ جَرَى عَلَيْهِ رِزْقُهُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَنَمَى لَهُ عَمَلُهُ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَوُقِيَ فَتَّانِي الْقَبْرِ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اس حالت میں دنیا سے گیا اللہ کی راہ میں نگہبانی کرتا ہوا تو اس کو جنت سے رزق دیا جائے گا' اس کا عمل قیامت کے دن تک بڑھتا رہے گا اور عذابِ قبر کے فتنوں سے محفوظ رکھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا ابْنُهُ عَبْدُ الرَّحْمَنِ، تَفَرَّدَ بِهِ: هَانِءُ بْنُ الْمُتَوَكِّلِ

یہ حدیث زید بن اسلم سے ان کے بیٹے عبدالرحمن روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ھانی بن متوکل اکیلے ہیں۔

5313 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ يَزِيدَ النَّرْسِيُّ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: قَرَأْتُ عَلَى أَبِي عُمَرَ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ الدُّورِيِّ الْمُقْرِءِ، عَنْ أَبِي مُحَمَّدٍ الْيَزِيدِيِّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبُو عَمْرِو بْنُ الْعَلَاءِ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: كَيْفَ لَا يَكُونُ لَهُ أَنْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ وہ فرمایا کرتے تھے: اس (نبی) کے لیے کیسے ناممکن ہے کہ اس سے خیانت کی جائے حالانکہ اس کو قتل ہونا بھی ہے؟ اللہ کا فرمان ہے: ''انبیاء کو لوگ ناحق قتل کرتے'' لیکن منافقوں نے نبی کریم ﷺ کو کسی شی میں متہم کیا

5312- أخرجه ابن ماجة: الجهاد جلد2صفحه924 رقم الحديث: 2767 فى الزوائد: اسناده صحيح . معبد بن عبد الله بن هشام' ذكره ابن حبان فى الثقات . ويونس بن عبد الأعلى أخرج له مسلم . وباقى رجال الاسناد على شرط البخارى . وأحمد: المسند جلد 2صفحه534 رقم الحديث: 9266 من طريق موسى بن داؤد قال: ح ابن لهيعة عن موسى .

5313- أخرجه الطبرانى فى الكبير جلد 11صفحه101 رقم الحديث: 11174 وعن أبى داؤد والترمذى أن سبب نزول الأية فى قطيفة حمراء فقدت يوم بدر . أبو داؤد: الحروف جلد 4صفحه30 رقم الحديث: 3971' والترمذى: التفسير جلد5صفحه230 رقم الحديث: 3009 وقال: هذا حديث حسن غريب

يُغَلَّ؟ وَقَدْ كَانَ لَهُ اَنْ يُقْتَلَ؟ قَالَ اللّٰهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى:(وَيَقْتُلُونَ الْاَنْبِيَاءَ بِغَيْرِ حَقٍّ) (آل عمران: 112) ، وَلٰكِنِ الْمُنَافِقُونَ اتَّهَمُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي شَيْءٍ ، فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ:(وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَغُلَّ) (آل عمران: 161)

یعنی تہمت لگائی' تو اللہ تعالیٰ نے آیت نازل فرما دی: ''خیانت کرنا' نبی کے شایانِ شان نہیں ہے''۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي عَمْرِو بْنِ الْعَلَاءِ اِلَّا اَبُو مُحَمَّدٍ الْيَزِيدِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو عُمَرَ الدُّورِيُّ

یہ حدیث ابوعمرو بن علاء سے ابومحمد یزیدی روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں ابوعمر الدوری اکیلے ہیں۔

5314 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ النَّرْسِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ هِشَامٍ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ لَاحِقٍ الْمَدَائِنِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ قَالَ: كُنْتُ اَسِيرُ عَلَى حِمَارٍ لِي، فَلَقِيتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَتَاَخَّرْتُ عَلَى عَجُزِ الْحِمَارِ، فَقُلْتُ: بِاَبِي اَنْتَ وَاُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ارْكَبْ. قَالَ: اَنْتَ اَحَقُّ بِصَدْرِ حِمَارِكَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، الْحِمَارُ لَكَ، فَرَكِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى مُقَدَّمِهِ، وَرَكِبْتُ اَنَا عَلَى عَجُزِهِ

حضرت ابوتمیمہ ہجیمی سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں اپنے گدھے پر سوار چلا جا رہا تھا' میں رسول اللہ ﷺ سے ملا' میں پیچھے ہو کر بیٹھ گیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ سوار ہوں! آپ نے فرمایا: آپ اپنے گدھے کے سینہ پر بیٹھنے کے زیادہ حق دار ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! گدھا آپ کے لیے ہے' حضور ﷺ آگے سوار ہوئے' میں آپ کے پیچھے سوار ہوا۔

5315 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ النَّرْسِيُّ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ بَهْرَامَ الْمَدَائِنِيُّ قَالَ: نَا هِشَامُ بْنُ لَاحِقٍ الْمَدَائِنِيُّ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَبِي تَمِيمَةَ الْهُجَيْمِيِّ قَالَ: بَيْنَا اَنَا فِي حَائِطٍ مِنْ

حضرت ابوتمیمہ ہجیمی فرماتے ہیں کہ میں مدینہ کے باغوں میں کسی باغ میں تھا' اچانک میں نے ایک عورت کو دیکھا' میرے علاوہ اس کے پاس کوئی نہیں تھا' اس نے مجھے اجازت دی' میں نے نگاہ اُٹھائی' یہاں تک کہ دیوار

5314- ذكره الهيثمي في المجمع جلد8صفحه111 وقال: وفيه هشام بن لاحق تركه أحمد' وضعفه غيره' أيضًا وقواه النسائي' وفيه من لم أعرفه .

5315- ذكره الهيثمي في المجمع جلد6صفحه268 والكلام في اسناده كسابقه .

حِيطَانِ الْمَدِينَةِ إِذْ بَصُرْتُ بِامْرَأَةٍ، فَلَمْ يَكُنْ لِي هَمٌّ غَيْرُهَا حَتَّى جَازَتْنِي، ثُمَّ اتَّبَعْتُهَا بَصَرِي، حَتَّى جَازَيْتُ الْحَائِطَ، فَالْتَفَتُّ فَأَصَابَ وَجْهِي وَأَدْمَانِي، فَأَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: هَلَكْتُ. فَقَالَ: وَمَا ذَاكَ يَا أَبَا تَمِيمَةَ؟ فَأَخْبَرْتُهُ فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ إِذَا أَرَادَ بِعَبْدٍ خَيْرًا عَجَّلَ لَهُ عُقُوبَةَ ذَنْبِهِ فِي الدُّنْيَا، وَرَبُّنَا تَبَارَكَ وَتَعَالَى أَكْرَمُ مِنْ أَنْ يُعَاقِبَ بِذَنْبٍ مَرَّتَيْنِ

پر لگی' میں متوجہ ہوا' میرا چہرہ زخمی تھا' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے کہا: میں ہلاک ہو گیا' آپ نے فرمایا: اے ابوتمیمہ! کیا ہوا ہے؟ میں نے آپ کو بتایا تو آپ نے فرمایا: بے شک اللہ عزوجل جب کسی بندے سے بھلائی کا ارادہ کرتا ہے تو اس کو دنیا میں ہی گناہوں کی سزا دیتا ہے' ہمارا رب بابرکت وعزت والا ہے' زیادہ حق دار ہے' ایک گناہ کی دو مرتبہ سزا دینے کا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ، عَنْ عَاصِمٍ الْأَحْوَلِ إِلَّا هِشَامُ بْنُ لَاحِقٍ

یہ دونوں حدیثیں عاصم احول سے ہشام بن لاحق روایت کرتے ہیں۔

5316 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ النَّاقِدُ الْبَغْدَادِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَرُزِّيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمَّامٍ قَالَ: نا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، أَنَّ عَلِيَّ بْنَ أَبِي طَالِبٍ خَطَبَ بِنْتَ أَبِي جَهْلٍ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ كُنْتَ تَزَوَّجُهَا فَرُدَّ عَلَيْنَا ابْنَتَنَا

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے ابوجہل کی بیٹی کو نکاح کا پیغام بھیجا' حضور ﷺ نے فرمایا: اگر تو اس سے شادی کرنا چاہتا ہے تو ہماری بیٹی ہم کو واپس کر دے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ إِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمَّامٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْأَرُزِّيُّ

یہ حدیث خالد الحذاء سے عبداللہ بن تمام روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں محمد بن عبداللہ ازدی اکیلے ہیں۔

5317 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ

حضرت عاصم بن ابوالبداح بن عاصم بن عدی

5316- اسناده فيه: عبد الله بن تمام وهو ضعيف ـ تخريجه: الطبراني في الصغير' وفي الكبير' مختصرًا' والبزار ـ انظر مجمع الزوائد جلد9صفحه206 ـ

5317- اسناده فيه: عاصم بن أبي البداح بن عاصم بن عدي' ترجمه ابن أبي حاتم في الجرح والتعديل وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه74: وفيه من لم أعرفه ـ

مِهْرَانَ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ زُرَارَةَ الْحَدَثِيُّ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ يُونُسَ قَالَ: نَا سَعِيدُ بْنُ عُثْمَانَ الْبَلَوِيُّ، عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ قَالَ: اشْتَرَيْتُ اَنَا وَاَخِي مِائَةَ سَهْمٍ مِنْ سِهَامِ خَيْبَرَ، فَبَلَغَ ذَلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: مَا ذِئْبَانِ عَادِيَانِ ظَلَّا فِي غَنَمٍ اَضَاعَهَا رَبُّهَا بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ طَلَبِ الْمُسْلِمِ الْمَالَ وَالشَّرَفَ لِدِينِهِ

انصاری اپنے والد سے وہ ان کے دادا عاصم بن عدی سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ میں اور میرے بھائی نے سو حصے خریدے خیبر کے حصوں سے یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی آپ نے فرمایا: دو بھوکے بھیڑیے بکریوں کا نقصان اتنا نہیں کرتے ہیں جتنا مسلمان کا مال کو طلب کرنا اور مسلمان کا دین میں اپنے لیے بزرگی مانگنا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عِيسَى بْنُ يُونُسَ

یہ حدیث عاصم بن عدی سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں عیسیٰ بن یونس اکیلے ہیں۔

5318 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ النَّاقِدُ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبَانَ الْمُكْتِبِ، عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ كَثِيرِ بْنِ اَفْلَحَ، عَنْ عُبَيْدٍ سَنُوطَا، عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ قَيْسٍ، اَنَّ حَمْزَةَ وَالنَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَذَاكَرَا الدُّنْيَا، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ، فَمَنْ اَخَذَهَا بِحَقِّهَا بُورِكَ لَهُ فِيهَا، وَرُبَّ مُتَخَوِّضٍ فِي مَالِ اللّٰهِ وَمَالِ رَسُولِهِ لَهُ النَّارُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت خولہ بنت قیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہا اور حضور ﷺ دونوں دنیا کا ذکر کر رہے تھے حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا سرسبز میٹھی ہے جو اس کو حق کے ساتھ لے گا اس کے لیے اس میں برکت دی جائے گی اللہ اور اس کے رسول کے مال میں دھوکہ کرنے والا قیامت کے دن جہنم میں غوطے کھائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبَانَ الْمُكْتِبِ اِلَّا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ

یہ حدیث ابان مکتب سے خلف بن خلیفہ روایت کرتے ہیں۔

5319 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ

حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5318- أخرجه الترمذي: الزهد جلد 4 صفحه 587 رقم الحديث: 2374 وقال: حسن صحيح . وأبو الوليد اسمه عبيد سنوطي . وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 438 رقم الحديث: 27384 .

5319- تقدم تخريجه .

مِهْرَانَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى الْعَطَّارُ قَالَ: نَا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ، عَنْ اَبِي جَنَابٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ اَبِي وَائِلٍ، عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَالَ فِي سِبَاطَةِ بَنِي فُلَانٍ، فَقَالَ: يَا مُغِيرَةُ، مَعَكَ مَاءٌ؟ فَقُلْتُ: نَعَمْ، اِدَاوَةٌ مِنْ مَاءٍ، وَعَلَيْهِ جُبَّةٌ شَامِيَّةٌ ضَيِّقَةُ الْكُمَّيْنِ، فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى قَدَمَيْهِ، وَعَلَى خُفَّيْهِ

حضورﷺ نے بنی فلاں کے کوڑے کے ڈھیر پر پیشاب کیا' آپ نے فرمایا: اے مغیرہ! آپ کے پاس پانی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! پانی کا برتن ہے' آپ نے شامی جبّہ زیب تن کیا تھا' اس کی آستینیں تنگ تھیں' آپ نے باقی اعضاء کو دھویا اور موزوں پر مسح کیا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي جَنَابٍ اِلَّا خَلَفُ بْنُ خَلِيفَةَ

یہ حدیث ابوجناب سے خلف بن خلیفہ روایت کرتے ہیں۔

5320 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ بْنِ مِهْرَانَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ قَالَ: نَا عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْقُرَشِيُّ، عَنْ اَيُّوبَ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اِسْحَاقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ اُتِيَ بِعَرْقٍ وَهُوَ يَطُوفُ بِالْبَيْتِ، اَوْ يَوْمَ النَّحْرِ فَانْتَهَشَ مِنْهُ فَضْلًا، وَلَمْ يَتَوَضَّاْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو حجۃ الوداع پر موقعہ پر دیکھا' آپ کے پاس عرق لایا گیا دراں حالیکہ آپ بیت اللہ شریف کا طواف کر رہے تھے' یا پھر قربانی کے دن' سو اس میں سے نوچ کر کچھ کھایا' لیکن آپ نے وضو نہیں فرمایا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اِلَّا اَيُّوبُ بْنُ عُتْبَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَنْبَسَةُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ

یہ حدیث یحییٰ بن کثیر سے ایوب بن عتبہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عقبہ بن عبدالواحد اکیلے ہیں۔

5321 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ السَّرِيِّ قَالَ: نَا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

5320- أخرجه البخارى: الأطعمة جلد 9 صفحه 456 رقم الحديث: 5404-5405' ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه 273 بنحوه .

5321- ذكره الهيثمى فى المجمع جلد 3 صفحه 211 وقال: وفيه جميل بن أبى ميمونة' وقد ذكره ابن أبى حاتم' ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا' وذكره ابن حبان فى الثقات . قلت: وفيه أيضًا محمد بن اسحاق' وهو مدلس ولم يصرح بالسماع .

اِبْـرَاهِيـمُ بْنُ زِيَادٍ، سَبَلَانُ قَالَ: نَا اَبُو مُعَاوِيَةَ قَالَ: نَا مُـحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ جَمِيلِ بْنِ اَبِى مَيْمُونَةَ، عَنْ عَـطَـاءِ بْـنِ يَـزِيـدَ اللَّيْثِيِّ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُـولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مِنْ خَرَجَ حَاجًّا فَـمَـاتَ كُتِبَ لَهُ اَجْرُ الْحَاجِّ اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ، وَمَنْ خَـرَجَ مُعْتَمِرًا فَمَاتَ كُتِبَ لَهُ اَجْرُ الْمُعْتَمِرِ اِلَى يَوْمِ الْـقِيَـامَةِ، وَمَـنْ خَـرَجَ غَـازِيًـا فَـمَاتَ كُتِبَ لَهُ اَجْرُ الْغَازِى اِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

ﷺ نے فرمایا: جو حج کرنے کے لیے نکلا اسی حالت میں فوت ہوا تو اس کے لیے حج کا ثواب قیامت کے دن تک لکھا جائے گا' جو عمرہ کے لیے نکلا اسی حالت میں مرگیا تو اس کے لیے قیامت کے دن تک عمرہ کا ثواب لکھا جائے گا' جو جہاد کے لیے نکلا اسی حالت میں مرگیا تو اس کے لیے قیامت کے دن تک مجاہد کا ثواب لکھا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيدَ اللَّيْثِيِّ اِلَّا جَـمِيـلُ بْـنُ اَبِـى مَيْمُونَةَ، وَلَا عَنْ جَمِيلٍ اِلَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، تَفَرَّدَ بِهِ: اَبُو مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث عطاء بن یزید اللیثی سے جمیل بن ابومیمونہ اور جمیل سے محمد بن اسحاق روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابومعاویہ اکیلے ہیں۔

5322 - حَـدَّثَـنَـا مُـحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ قَالَ: نَا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ قَالَ: نَا دَاوُدُ بْنُ اَبِى هِنْدٍ، عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ: مَا تَقُولُونَ لِاُمَرَائِكُمْ اِذَا دَخَـلْتُمْ عَلَيْهِمْ؟ قَالُوا: نَقُولُ لَهُمْ مَا يَشْتَهُونَ. قَالَ: فَاِذَا خَرَجْتُمْ مِنْ عِنْدِهِمْ مَا تَقُولُونَ؟ قَالُوا: نَقُولُ مَا لَا يَشْتَهُونَ. قَـالَ: هٰذَا الَّذِى كُنَّا نَعُدُّهُ النِّفَاقَ عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عامر شعبی فرماتے ہیں کہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے تھے کہ تم امراء کو کیا کہتے ہو جب تم ان کے پاس جاتے ہو؟ انہوں نے کہا: ہم ان کو وہی کہتے ہیں جو وہ چاہتے ہیں' آپ نے فرمایا: جب تم ان کے پاس سے نکلتے ہو تو تم کیا کہتے ہو؟ انہوں نے کہا: ہم وہ کہتے ہیں جو وہ نہیں چاہتے ہیں' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا: ہم اس کو حضور ﷺ کے زمانہ میں منافقت شمار کرتے تھے۔

لَـمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِى هِنْدٍ اِلَّا مَسْلَمَةُ بْنُ عَلْقَمَةَ، تَفَرَّدَ بِهِ: الْحَسَنُ بْنُ قَزَعَةَ

یہ حدیث داؤد بن ابوہند سے مسلمہ بن علقمہ روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حسن بن قزعہ اکیلے

5322- أصله عند البخاری من طریق أبو نعیم: (ح) عاصم بن محمد بن زید بن عمر عن أبیه قال أناس لابن عمر: انا ندخل علی سلطاننا فنقول لهم بخلاف ما نتكلم اذا خرجنا من عندهم' قال: كنا نعدها نفاقًا ۔ أخرجه البخاری: الأحكام جلد13صفحه181 رقم الحدیث: 7178 .

ہیں۔

5323 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْقَاسِمِ الْعَبَّادِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ قَالَ: اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: رَاٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلًا يُصَلِّي خَلْفَ الصُّفُوفِ وَحْدَهُ فَقَالَ: اَعِدِ الصَّلَاةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو صفوں کے پیچھے اکیلے نماز پڑھتے دیکھا' آپ نے فرمایا: نماز لوٹاؤ۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَبَّادِيُّ

یہ حدیث ابوہریرہ سے اسی سند سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن محمد العباری اکیلے ہیں۔

5324 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا زَكَرِيَّا بْنُ يَحْيَى الضَّرِيرُ قَالَ: نَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ قَالَ: نَا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ رَاٰى مُبْتَلًى فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ، وَفَضَّلَنِي عَلَى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا لَمْ يُصِبْهُ ذَلِكَ الْبَلَاءُ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: کسی بیماری والے آدمی کو دیکھے تو یہ دعا پڑھو: "الحمد لله الذي عافاني الى آخره" اس کو وہ آزمائش نہیں پہنچے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَيُّوبَ اِلَّا الْمُغِيرَةُ بْنُ مُسْلِمٍ، وَلَا عَنِ الْمُغِيرَةِ اِلَّا شَبَابَةُ، تَفَرَّدَ بِهِ: زَكَرِيَّا

یہ حدیث ایوب' مغیرہ بن مسلم سے اور مغیرہ سے شبابہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں زکریا

5323- اسناده فيه: عبد الله بن محمد بن القاسم العبادي' قال ابن حبان: يروى المقلوبات لا يحتج به. (اللسان جلد 3 صفحه 347' والمجروحين جلد 2 صفحه 45' والميزان جلد 2 صفحه 496). انظر مجمع الزوائد جلد 2 صفحه 99.

5324- اسناده فيه: زكريا بن يحيى الضرير' ترجمه الخطيب في تاريخه جلد 8 صفحه 457 ولم يذكر فيه جرحًا ولا تعديلًا. وقال الهيثمي في المجمع جلد 10 صفحه 141: وفيه زكريا بن يحيى بن أيوب الضرير ولم أعرفه وبقية رجاله ثقات.

بْنُ يَحْيَى

بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

5325 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَبَّادِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ الْخُرَيْبِيُّ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يُمَكِّنُكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ إِطْعَامُ الطَّعَامِ وَإِطْيَابُ الْكَلَامِ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: تم کو جنت میں کھانا اور اچھے کلام پر قدرت دی جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي حُسَيْنٍ إِلَّا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دَاوُدَ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعَبَّادِيُّ

یہ حدیث عمر بن سعید ابوحسین سے عبداللہ بن داؤد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن محمد العباری اکیلے ہیں۔

5326 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نَا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ، عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ رَفَعَهُ قَالَ: هَلْ تَدْرُونَ أَيُّ الصَّدَقَةِ أَفْضَلُ؟ قَالُوا: اللَّهُ وَرَسُولُهُ أَعْلَمُ ـ قَالَ: الْمَنِيحُ: أَنْ يَمْنَحَ الدِّرْهَمَ، أَوْ ظَهْرَ الدَّابَّةِ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مرفوعاً بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: تم جانتے ہو کہ کون سا صدقہ افضل ہے؟ صحابہ کرام نے عرض کیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ جانتے ہیں' آپ نے فرمایا: کسی کو درہم دینا یا سواری کے لیے جانور دینا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ إِلَّا حَفْصُ بْنُ جُمَيْعٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث سماک بن حرب سے حفص بن جمیع روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

5327 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

5325- اسناده فيه: عبد الله بن محمد العبادي ضعيف .

5326- اسناده فيه: عمر بن يحيى الأيلي يسرق الحديث (اللسان جلد 4صفحه338) . أخرجه أيضًا البزار' وأحمد' وعزاه الهيثمي في المجمع جلد3صفحه136 الى أبي يعلى أيضًا . وقال: ورجال أحمد رجال الصحيح .

5327- أخرجه مسلم: الطهارة جلد 1صفحه232' والنسائي: الطهارة جلد 1صفحه72 (باب التوقيت في المسح على الخفين للمقيم)' والدارمي: الوضوء جلد1صفحه195 رقم الحديث: 714 .

خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عِيسَى بْنِ زَاذَانَ قَالَ: نَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمَخْزُومِيُّ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ اَبِي حُصَيْنٍ، عَنْ اَبِي ظَبْيَانَ، عَنْ عَلِيٍّ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْمَسْحُ لِلْمُسَافِرِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ، وَلِلْمُقِيمِ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ

نے فرمایا: مسافر موزوں پر مسح تین دن اور تین راتیں اور مقیم ایک دن اور رات کرے گا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ اِلَّا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ

یہ حدیث مسعر سے خالد بن عبدالرحمٰن روایت کرتے ہیں۔

5328 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحُصَيْنِ الْقِصَاصُ قَالَ: نَا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ، عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ مَالِكِ بْنِ يُخَامِرَ، عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَنَا زَعِيمٌ بِبَيْتٍ فِي رَبَضِ الْجَنَّةِ، وَبِبَيْتٍ فِي وَسَطِ الْجَنَّةِ، وَبِبَيْتٍ فِي اَعْلَى الْجَنَّةِ، لِمَنْ تَرَكَ الْمِرَاءَ وَاِنْ كَانَ مُحِقًّا، وَتَرَكَ الْكَذِبَ وَاِنْ كَانَ مَازِحًا، وَحَسَّنَ خُلُقَهُ

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں جنت کے درمیان اعلیٰ گھر کا ذمہ دار ہوں اس کے لیے جو آدمی دکھاوا چھوڑ دے اگرچہ وہ حق ہی کیوں نہ ہو اور جھوٹ چھوڑ دے اگرچہ مذاق کے طور پر اور اس کا اخلاق اچھا ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ رَوْحِ بْنِ الْقَاسِمِ اِلَّا عِيسَى بْنُ شُعَيْبٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ الْحُصَيْنِ

یہ حدیث روح بن قاسم سے عیسیٰ بن شعیب روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں محمد بن حصین اکیلے ہیں۔

5329 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ الْوَاسِطِيُّ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو سورج طلوع ہونے سے پہلے

5328- اسناده فيه: محمد بن الحسين القصاص، ولم أجده . وقال الهيثمي في المجمع جلد **1** صفحه **160**: رواه الطبراني في الثلاثة، واسناده حسن ان شاء الله .

5329- اسناده حسن فيه: عبد الله بن عبد المؤمن بن عثمان الأرحبي، ذكره ابن حبان في الثقات . وقال ابن حجر: مقبول . (التقريب والتهذيب) .

قَالَ: نَا عُبَيْدُ بْنُ عُقَيْلٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ، عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَدْرَكَ عَرَفَةَ قَبْلَ اَنْ تَطْلُعَ الشَّمْسُ فَقَدْ اَدْرَكَ الْحَجَّ

عرفات پہنچ گیا' اس نے حج پالیا۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُمَرَ بْنِ ذَرٍّ اِلَّا عُبَيْدُ بْنُ عُقَيْلٍ

یہ حدیث عمر بن زر سے عبید بن عقیل روایت کرتے ہیں۔

5330 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِيُّ قَالَ: نَا جُمَيْعُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ عَبَّادِ بْنِ رَاشِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اُمِّهِ، عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ، قَالَتْ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ، ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ، فَلَا دِينَ اِلَّا دِينُكَ . قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَقُلُوبُ الْعِبَادِ بِيَدِ اللّٰهِ؟ قَالَ: نَعَمْ، بَيْنَ اِصْبَعَيْنِ مِنْ اَصَابِعِ اللّٰهِ، فَاِذَا اَرَادَ اَنْ يُقَلِّبَ قَلْبَ عَبْدٍ قَلَبَهُ

حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت رکھ' دین صرف تیرا دین ہے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا بندوں کے دل اللہ کے ہاتھ میں ہیں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! اللہ کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہیں' جب کسی بندے کے دل کو بدلنا چاہے بدل دیتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ رَاشِدٍ اِلَّا جُمَيْعُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: الصُّدَائِيُّ

یہ حدیث عباد بن راشد سے جمیع بن محمد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں الصدائی اکیلے ہیں۔

5331 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ شُجَاعٍ الْمَرْوَزِيُّ قَالَ: نَا

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نماز میں سنت یہ ہے کہ عاجزی کرنا۔

5330- أخرجه الترمذي: الدعوات جلد **5** صفحه **538** رقم الحديث: **3522** وقال: حسن . وأحمد: المسند جلد **6** صفحه **348** رقم الحديث: **26735** .

5331- ذكره الهيثمي في المجمع جلد **2** صفحه **209** ولم يتكلم في السند' وهو صحيح لو لا عدم تيقن مسعر في رواية أبي قيس عن هزيل .

وَكِيعٌ، عَنْ مِسْعَرٍ، عَنْ أَبِي قَيْسٍ، أَظُنُّهُ عَنْ هُذَيْلٍ، عَنْ عَلِيٍّ، رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ قَالَ: مِنَ السُّنَّةِ الصَّلَاةُ فِي الْجَبَّانِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مِسْعَرٍ إِلَّا وَكِيعٌ

یہ حدیث مسعر سے وکیع روایت کرتے ہیں۔

5332 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا الْمُنْذِرُ بْنُ زِيَادٍ الطَّائِيُّ قَالَ: نَا الْوَلِيدُ بْنُ سَرِيعٍ، عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي أَوْفَى قَالَ: رَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمَسُّ لِحْيَتَهُ فِي الصَّلَاةِ

حضرت عبداللہ بن اوفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز کی حالت میں داڑھی کو چھوتے ہوئے دیکھا۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ أَبِي أَوْفَى إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ

یہ حدیث ابن ابی اوفی سے اسی سند سے روایت ہے اس کو روایت کرنے میں عمرو بن علی اکیلے ہیں۔

5333 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ قَالَ: حَدَّثَنِي مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَبَّيْكَ بِعُمْرَةٍ وَحَجٍّ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو حج وعمرہ کا تلبیہ اکٹھا پڑھتے ہوئے سنا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُلَيْمَانَ إِلَّا ابْنُهُ الْمُعْتَمِرُ، تَفَرَّدَ بِهِ: يَحْيَى بْنُ حَبِيبِ بْنِ عَرَبِيٍّ

یہ حدیث سلیمان سے ان کے بیٹے معتمر روایت کرتے ہیں اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن حبیب بن عربی اکیلے ہیں۔

5334 - قَالَ: حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے

5332- اسناده فيه: المنذر بن زياد الطائي' متروك واتهم بالوضع . وانظر مجمع الزوائد جلد2صفحه88 .

5333- أخرجه البخاري: المغازى جلد7صفحه669 رقم الحديث: 4353-4354' ومسلم: الحج جلد2 صفحه905 .

5334- اسناده فيه: زائدة بن أبي الرقاد الصيرفي منكر الحديث . تخريجه أحمد' والبزار' بنحوه . وقال الهيثمي في المجمع جلد4صفحه301: ورجال أحمد والبزار رجال الصحيح .

اَبِی خَیْثَمَةَ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْهَیْثَمِ الْعَبْدِیُّ الْبَصْرِیُّ قَالَ: نَا یَحْیَی بْنُ كَثِیرٍ اَبُو غَسَّانَ الْعَنْبَرِیُّ قَالَ: نَا زَائِدَةُ بْنُ اَبِی الرُّقَادِ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَیْبٍ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الرَّجُلِ یَاْتِی امْرَاَتَهُ فِی دُبُرِهَا؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: تِلْكَ اللُّوطِیَّةُ الصُّغْرَی

دادا سے روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نے حضورﷺ سے پوچھا کہ آدمی اپنی بیوی کی دُبر میں وطی کرسکتا ہے؟ آپﷺ نے فرمایا: یہ چھوٹی لواطت ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ اِلَّا زَائِدَةُ بْنُ اَبِی الرُّقَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: یَحْیَی بْنُ كَثِیرٍ

یہ حدیث عاصم احول سے زائدہ بن ابولوقار روایت کرتے ہیں‘ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن کثیر اکیلے ہیں۔

5335 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی خَیْثَمَةَ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ بْنِ الصَّلْتِ قَالَ: ثَنَا عَمِّی مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ قَالَ: نَا عَلِیُّ بْنُ عَابِسٍ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِی زُرْعَةَ، عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ، عَنْ سَعِیدِ بْنِ الْمُسَیِّبِ، عَنْ سَعْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُولُ لِعَلِیٍّ: اَنْتَ مِنِّی بِمَنْزِلَةِ هَارُونَ مِنْ مُوسَی اِلَّا اَنَّهُ لَا نَبِیَّ بَعْدِی

حضرت سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: حضرت علی کا مقام میرے ہاں ایسے ہے جس طرح حضرت ہارون علیہ السلام کا موسیٰ علیہ السلام کے ہاں تھا‘ فرق یہ ہے کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں ہے۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی زُرْعَةَ اِلَّا عَلِیُّ بْنُ عَابِسٍ، وَلَا عَنْ عَلِیٍّ اِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ اَخِیهِ اَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ

یہ حدیث عثمان بن ابوزرعہ سے علی بن عبس اور علی سے محمد بن صلت روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ان کے بھائی کے بیٹے احمد بن حجاج اکیلے ہیں۔

5336 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی

حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

5335- أخرجه البخاری: فضائل الصحابة جلد 7 صفحه 88 رقم الحديث: 3706‘ ومسلم: فضائل الصحابة جلد 4 صفحه 1870 ولفظه لمسلم .

5336- أخرجه أبو داؤد: السنة جلد 4 صفحه 211 رقم الحديث: 4649‘ والترمذي: المناقب جلد 5 صفحه 648 رقم الحديث: 3749‘ وابن ماجة: المقدمة جلد 1 صفحه 48 رقم الحديث: 133‘ وأحمد: المسندجلد 1

خَيْثَمَةَ قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ جَدِّي بِخَطِّهِ: حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ هَانِءٍ النَّخَعِيُّ قَالَ: أَنَا الْحَسَنُ بْنُ الْحَكَمِ، وَمُصْعَبُ بْنُ سُلَيْمٍ، وَحَرْمَلَةُ بْنُ قَيْسٍ، عَنْ رَبَاحِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ زَيْدٍ قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: أَنَا فِي الْجَنَّةِ، وَأَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ، وَعُثْمَانُ، وَعَلِيٌّ، وَطَلْحَةُ، وَالزُّبَيْرُ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ، وَسَعْدٌ، وَسَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ

میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میں، ابوبکر، عمر، عثمان، علی، طلحہ، زبیر، عبدالرحمٰن، سعد، سعید بن زید رضی اللہ عنہم جنتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ، وَمُصْعَبِ بْنِ سُلَيْمٍ، وَحَرْمَلَةَ بْنِ قَيْسٍ إِلَّا أَبُو نُعَيْمٍ النَّخَعِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ: ابْنُ أَبِي خَيْثَمَةَ

یہ حدیث حسن بن حکم اور مصعب بن سلیم اور حرملہ بن قیس سے صرف ابونعیم نخعی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ابن ابی خیثمہ اکیلے ہیں۔

5337 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَلِيٍّ الصَّيْرَفِيُّ قَالَ: نَا مَيْمُونُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: كُنْتُ أَغْتَسِلُ أَنَا وَرَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ إِنَاءٍ وَاحِدٍ، وَلَا أَنْقُضُ لِي شَعْرًا

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل کرتے تھے، میں اپنے بال نہیں کھولتی تھی۔

5338 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرِ بْنِ أَبِي طَالِبٍ قَالَ: نَا

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بیمار ہوئے تو آپ نے فرمایا: میرے پاس کاغذ اور دوات لے کر آؤ، میں تم کو لکھ دوں، تم اس کے بعد ہمیشہ گمراہ نہیں ہوگے۔ ہم نے اس کو سخت ناپسند

صفحه 238 رقم الحديث: 1636 .

5337- أخرجه البخاري: الغسل جلد 1 صفحه 433 رقم الحديث: 250، ومسلم: الحيض جلد 1 صفحه 256 ولم يذكرا: ولا أنقض لي شعرًا .

5338- ذكره الهيثمي في المجمع جلد 9 صفحه 37 وقال: وفيه محمد بن جعفر بن ابراهيم الجعفري . قال العقيلي: في حديثه نظر، رجاله وثقوا، وفي بعضهم خلاف .

هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ: لَمَّا مَرِضَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ادْعُوا لِي بِصَحِيفَةٍ وَدَوَاةٍ، اَكْتُبُ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوا بَعْدَهُ اَبَدًا ، فَكَرِهْنَا ذٰلِكَ اَشَدَّ الْكَرَاهَةِ، ثُمَّ قَالَ: ادْعُوا لِي بِصَحِيفَةٍ اَكْتُبُ لَكُمْ كِتَابًا لَا تَضِلُّوا بَعْدَهُ اَبَدًا ، فَقَالَ النِّسْوَةُ مِنْ وَرَاءِ السِّتْرِ: اَلَا تَسْمَعُونَ مَا يَقُولُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ فَقُلْتُ: اِنَّكُنَّ صَوَاحِبَاتُ يُوسُفَ، اِذَا مَرِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَصَرْتُنَّ اَعْيُنَكُنَّ، وَاِذَا صَحَّ رَكِبْتُنَّ عُنُقَهُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: دَعُوهُنَّ؟ فَاِنَّهُنَّ خَيْرٌ مِنْكُمْ

کیا' پھر فرمایا: میرے پاس کاغذ لاؤ تا کہ میں تم کو خط لکھ دو' تم اس کے بعد ہمیشہ گمراہ نہیں ہو گے۔ پردہ کے پیچھے عورتوں نے کہا: تم سنتے نہیں ہو کہ رسول اللہ ﷺ کیا فرما رہے ہیں؟ میں نے کہا: تم یوسف علیہ السلام کے زمانہ کی عورتیں ہو' جب حضور ﷺ بیمار ہیں تو تمہاری آنکھیں کھلی ہیں' جب آپ تندرست تھے تو تم ان کی گردن پر سوار تھیں؟ حضور ﷺ نے فرمایا: ان کو چھوڑ دو' کیونکہ وہ تم سے بہتر ہیں۔

5339 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا مُوسَى بْنُ جَعْفَرِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ الْجَعْفَرِيُّ قَالَ: ثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ قَالَ: لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جِئْتُ اَنَا، وَاَبُو بَكْرٍ اِلَى عَلِيٍّ، فَقُلْنَا: مَا تَقُولُ فِيمَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟ قَالَ: نَحْنُ اَحَقُّ النَّاسِ بِرَسُولِ اللّٰهِ وَبِمَا تَرَكَ قَالَ: فَقُلْتُ: وَالَّذِي بِخَيْبَرَ؟ قَالَ: وَالَّذِي بِخَيْبَرَ . قُلْتُ: وَالَّذِي بِفَدَكَ؟ فَقَالَ: وَالَّذِي بِفَدَكَ . فَقُلْتُ: اَمَا وَاللّٰهِ حَتَّى تَحُزُّوا رِقَابَنَا بِالْمَنَاشِيرِ، فَلَا

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب حضور ﷺ کا وصال ہوا تو میں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہما' حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے' ہم نے کہا: آپ رسول اللہ ﷺ کے ترکہ کے متعلق کیا فرماتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: ہم حضور ﷺ کے ترکہ کے زیادہ حق دار ہیں' میں نے کہا: خیبر سے بھی؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: خیبر سے بھی' میں نے کہا: فدک سے بھی؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: فدک سے بھی۔ میں نے کہا: اللہ کی قسم! تم ہماری گردنیں آریوں کے ساتھ کاٹو گے' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں!

5339- اسناده فيه: أ- محمد بن على بن خلف: ضعيف . ب- موسى بن جعفر بن ابراهيم: ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد9صفحه43 .

لَا يُرْوَى هَذَيْنِ الْحَدِيثَيْنِ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ، وَلَا عَنْ هِشَامٍ إِلَّا مُوسَى بْنُ جَعْفَرٍ الْجَعْفَرِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِمَا: مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الْعَطَّارُ

یہ دونوں حدیثیں زید بن اسلم سے ہشام بن سعد اور ہشام سے موسیٰ بن جعفر جعفری روایت کرتے ہیں۔ ان دونوں کو روایت کرنے میں محمد بن علی بن خلف العطار اکیلے ہیں۔

5340 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ الْعَطَّارُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ: حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ عُمَرَ، أَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ جَاءَ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَزِينًا لَا يَرْفَعُ رَأْسَهُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا لِي أَرَاكَ يَا جِبْرِيلُ حَزِينًا؟ قَالَ: إِنِّي رَأَيْتُ لَفْحَةً مِنْ جَهَنَّمَ، فَلَمْ يَرْجِعْ إِلَيَّ رُوحِي بَعْدُ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت جبریل علیہ السلام حضور ﷺ کے پاس پریشانی کی حالت میں آئے، آپ نے سرنہیں اُٹھایا، حضور ﷺ نے فرمایا: اے جبریل! کیا بات ہے آپ کو پریشان دیکھ رہا ہوں، حضرت جبریل نے عرض کی: میں نے جہنم کی ایک سانس دیکھی ہے، اس کے بعد میری سانس واپس نہیں آئی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ إِلَّا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ خَلَفٍ

یہ حدیث زید بن اسلم سے علی بن عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عمر بن علی بن خلف اکیلے ہیں۔

5341 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زِمَامٍ الْعَلَّافُ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ سَوَاءٍ قَالَ: نَا الْمُغِيرَةُ أَبُو سَلَمَةَ، عَنْ أَبَانَ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنِ الْحَارِثِ الْأَعْوَرِ قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَلِيِّ بْنِ أَبِي طَالِبٍ، فَقَالَ: أَلَا أُعَلِّمُكَ دُعَاءً عَلَّمَنِيهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ؟

حضرت حارث اعور رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ کے پاس آیا، آپ نے فرمایا: کیا میں آپ کو ایسی دعا نہ سکھاؤں جو مجھے رسول اللہ ﷺ نے سکھائی ہے؟ میں نے کہا: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: پڑھو: اے اللہ! میرے دل کو اپنے ذکر کے لیے کھول دے اور مجھے اپنی اور اپنے رسول کی اطاعت

5340- اسناده فيه: محمد بن علي: ضعيف . وانظر مجمع الزوائد جلد10 صفحه381 .

5341- اسناده فيه: الحارث الأعور ضعيف رمي بالرفض . انظر مجمع الزوائد جلد10 صفحه185 .

قُلْتُ: بَلَى قَالَ: قُلْ: اللّٰهُمَّ افْتَحْ مَسَامِعَ قَلْبِي لِذِكْرِكَ، وَارْزُقْنِي طَاعَتَكَ وَطَاعَةَ رَسُولِكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَعَمَلًا بِكِتَابِكَ

اور کتاب پر عمل کی توفیق دے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ: وَهْبُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زَمَامٍ

یہ حدیث حضرت علی سے اسی سند سے روایت ہے' ان سے روایت کرنے میں وہب بن یحییٰ بن زمام اکیلے ہیں۔

5342 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا عُثْمَانُ بْنُ حَفْصٍ التُّومَنِيُّ قَالَ: نَا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ الْعَطَّارُ قَالَ: ثَنَا يَزِيدُ بْنُ نَعَامَةَ قَالَ: خَطَبَنَا عُتْبَةُ بْنُ غَزْوَانَ، فَقَالَ: إِنَّ الدُّنْيَا قَدْ آذَنَتْ بِصَرْمٍ، وَوَلَّتْ حَذَّاءَ، وَلَمْ يَبْقَ مِنْهَا إِلَّا صُبَابَةٌ كَصُبَابَةِ الْإِنَاءِ، وَلَقَدْ رَأَيْتُنِي سَابِعَ سَبْعَةٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشَرَةَ أَيَّامٍ مَا لَنَا طَعَامٌ إِلَّا وَرَقُ الْبَشَامِ، وَشَوْكُ الْقَتَادِ حَتَّى قَرِحَتْ أَشْدَاقُنَا، وَلَقَدْ بَلَغَنِي أَنَّ الْحَجَرَ يُقْذَفُ مِنْ شَفِيرِ جَهَنَّمَ، يَهْوِي فِيهَا سَبْعِينَ عَامًا مَا يَبْلُغُ قَعْرَهَا، وَلَقَدْ بَلَغَنِي أَنَّ مَا بَيْنَ مِصْرَاعَيِ الْجَنَّةِ مَسِيرَةُ سَبْعِمِائَةِ عَامٍ، وَلَيَأْتِيَنَّ عَلَيْهِ يَوْمٌ وَهُوَ كَظِيظُ الزِّحَامِ

حضرت یزید بن نعامہ فرماتے ہیں کہ حضرت عتبہ بن غزوان رضی اللہ عنہ نے ہمیں خطبہ دیا کہ دنیا کے ختم ہونے کا وقت قریب آ لگا ہے۔ اس میں سے برتن کی تلچھٹ کی مانند' تلچھٹ باقی رہ گئی ہے۔ میں نے' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اپنے آپ کو سات میں سے ساتواں دیکھا ہے۔ دس دن تک ہمارے پاس کھانا سوائے بوہڑ کے پتوں اور کیکر کے کانٹوں کے اور کچھ نہ تھا' یہاں تک کہ ہماری باچھیں زخمی ہوگئیں۔ مجھ تک یہ بات پہنچی کہ جہنم کے اوپر سے پتھر پھینکا جائے گا جو ستر سال تک سفر کرتا رہے گا اور اس کی گہرائی تک نہیں پہنچ سکے گا اور مجھے یہ بھی پتا چلا ہے کہ جنت کے دروازے کے ایک کواڑ سے دوسرے کواڑ تک سات سو سال کا فاصلہ ہے۔ اس پر ایک دن ایسا آئے گا کہ وہ بہت زیادہ بھیڑ کی وجہ سے تنگ ہوگا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ نَعَامَةَ إِلَّا فَضَالَةُ بْنُ حُصَيْنٍ

اس حدیث کو یزید بن نعامہ سے فضالہ بن حصین نے روایت کیا۔

5343 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِي

حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور

5342- أخرجه مسلم: الزهد جلد4صفحه2278، وأحمد: المسند جلد4صفحه214 رقم الحديث: 17588 .

5343- أخرجه أحمد: المسند جلد4صفحه507 رقم الحديث: 19747 بنحوه .

خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا وَهْبُ بْنُ يَحْيَى بْنِ زِمَامٍ الْعَلَّافُ، : نَا رَوْحُ بْنُ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ، : نَا حَفْصُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمِنْقَرِيُّ، اَنَّ عَطَاءَ بْنَ اَبِي مَيْمُونَةَ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِي بُرْدَةَ، عَنْ اَبِي مُوسَى، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: الشَّفَاعَةُ لِمَنْ قَالَ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ

ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ پڑھنے والے کے لیے ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ اِلَّا حَفْصٌ الْمِنْقَرِيُّ، وَلَا عَنْ حَفْصٍ اِلَّا رَوْحُ بْنُ عَطَاءٍ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: وَهْبُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث عطاء بن ابومیمونہ سے حفص المنقری اور حفص سے روح بن عطاء روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں وہب بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

5344 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا اَحْمَدُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الثَّقَفِيُّ، عَنِ الْمُهَاجِرِ اَبِي مَخْلَدٍ، عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ، وَابْنِ عَبَّاسٍ، قَالَا: اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحُلَلٍ، فَبَعَثَ اِلَى عُمَرَ بِحُلَّةٍ، فَجَاءَ عُمَرُ بِحُلَّتِهِ يَحْمِلُهَا عَلَى يَدَيْهِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَعَثْتَ اِلَيَّ بِهَذِهِ الْحُلَّةِ الْحَرِيرِ، وَقَدْ قُلْتَ فِيهَا مَا قُلْتَ؟ قَالَ: اِنِّي لَمْ اَبْعَثْ بِهَا اِلَيْكَ لِتَلْبَسَهَا، وَلَكِنْ بِعْهَا وَاسْتَنْفِعْ بِثَمَنِهَا

حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس چند حُلّے (عمدہ لباس) لایا گیا' آپ نے ایک حلّہ حضرت عمر کی طرف بھیجا' حضرت عمر وہ حلہ اپنے ہاتھ پر رکھ کر لے کر آئے' عرض کی: یارسول اللہ! آپ نے یہ ریشم کا حلّہ میری طرف بھیجا حالانکہ آپ اس کے متعلق فرما رہے تھے جو فرما رہے تھے؟ آپ نے فرمایا: میں نے آپ کی طرف پہننے کے لیے نہیں بھیجا' میں نے اس مقصد کے لیے بھیجا ہے کہ آپ اس کو فروخت کریں اور اس کے پیسوں سے نفع اُٹھائیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْمُهَاجِرِ اِلَّا عَبْدُ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيُّ

یہ حدیث مہاجر سے عبدالوہاب ثقفی روایت کرتے ہیں۔

5344- اسناده حسن فيه: مهاجر بن مخلد أبو مخلد موفى البكرات: مقبول . (التقريب) . وقال الهيثمى فى المجمع جلد5صفحه146: وفيه أحمد بن عبيد الله العنبرى' ولم أعرفه' وبقية رجاله ثقات . قلت: أحمد بن عبيد الله وثقه ابن حبان' وروى عنه جماعة .

5345 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا الْقَاسِمُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ بْنِ شَرِيكٍ قَالَ: نَا الْهَيْثَمُ بْنُ سَعِيدٍ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمِيمِ بْنِ طَرْفَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ ضَمَّ يَتِيمًا لَهُ اَوْ لِغَيْرِهِ حَتَّى يُغْنِيَهُ اللّٰهُ عَنْهُ وَجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ

حضرت عبداللہ بن تمیم اپنے والد عدی بن تمیم سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو کسی یتیم یا اس کے علاوہ کسی اور کی کفالت کرے یہاں تک کہ وہ سمجھ دار ہو جائے تو اس کے لیے جنت واجب ہو جائے گی۔

لَمْ يُسْنِدْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ تَمِيمِ بْنِ طَرْفَةَ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا، وَلَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ حَاتِمٍ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: الْقَاسِمُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ بْنِ شَرِيكٍ

عبداللہ بن تمیم بن طرفہ سے اس حدیث کے علاوہ کوئی حدیث منداً نہیں ہے۔ عدی بن حاتم سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں قاسم بن سعید بن میب بن شریک اکیلے ہیں۔

5346 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيِّ بْنِ يَزِيدَ الصُّدَائِیُّ قَالَ: نَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا حَيَّانَ التَّيْمِیَّ يُحَدِّثُ، عَنْ اَبِی زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيرٍ، عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغَنَمُ مِنْ دَوَابِّ الْجَنَّةِ، فَامْسَحُوا رُغَامَهَا، وَصَلُّوا فِی مَرَابِضِهَا

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بکری جنتی جانور ہے' اس کے تھنوں کو صاف کرو اور ان کے باندھنے والی جگہ نماز پڑھ سکتے ہو۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِی حَيَّانَ اِلَّا اِبْرَاهِيمُ بْنُ عُيَيْنَةَ

یہ حدیث ابوحیان سے ابراہیم بن عیینہ روایت کرتے ہیں۔

5345- اسناده فيه: الهيثم أبو سعيد . ذكره ابن أبى حاتم وترجمه فى الجرح جلد 9صفحه84' والبخارى فى تاريخه جلد8صفحه216 وقالا: روى عن غالب القطان' عن بكر بن عبد الله ولم يذكرا من روى عنه' وفيه عبد الله بن تميم بن طرفة لم أجده . وقال الهيثمى فى المجمع جلد8صفحه165: وفيه المسيب بن شريك وهو متروك .

5346- اسناده حسن فيه: ابراهيم بن عيينة بن أبى عمران الهلالى صدوق يهم . (التقريب) . وأخرجه أيضًا أحمد' وقال الهيثمى فى المجمع جلد4صفحه68: ورجال أحمد رجال الصحيح .

5347 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی خَیْثَمَةَ قَالَ: نَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ الْمُسْتَمِرِّ الْعُرُوقِیُّ قَالَ: نَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِیُّ قَالَ: نَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ، عَنْ اَبِیهِ، عَنْ صُهَیْبٍ قَالَ: كَنَّانِی رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اَبَا یَحْیَی

حضرت صہیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے میری کنیت ابویحییٰ رکھی۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ اِلَّا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ

یہ حدیث حماد بن سلمہ سے عمرو بن عاصم روایت کرتے ہیں۔

5348 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی خَیْثَمَةَ قَالَ: نَا اِدْرِیسُ بْنُ الْحَكَمِ قَالَ: نَا الْاَحْوَصُ بْنُ جَوَّابٍ اَبُو الْجَوَّابِ، عَنْ عَمَّارِ بْنِ زُرَیْقٍ، عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ، عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِی حَازِمٍ، عَنْ اَبِی مَسْعُودٍ قَالَ: اَتَى رَجُلٌ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: یَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاللّٰهِ اِنِّی لَاَتَخَلَّفُ عَنْ صَلَاةِ الْفَجْرِ مِنْ شِدَّةِ مَا یُطَوِّلُ اِمَامُنَا، فَغَضِبَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ النَّاسَ، فَقَالَ: اِنَّ مِنْكُمْ مُنَفِّرِینَ، اِذَا اَمَمْتُمُ النَّاسَ فَتَجَوَّزُوا، فَاِنَّ فِیهِمُ الْكَبِیرَ، وَذَا الْحَاجَةِ

حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضور ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: یارسول اللہ! اللہ کی قسم! میں نمازِ فجر کی جماعت میں شریک نہیں ہوتا ہوں کیونکہ ہمارے امام صاحب ہم کو لمبی نماز کرواتے ہیں' حضور ﷺ غصہ ہوئے' آپ نے لوگوں کو خطبہ دیا' فرمایا: تم میں سے کچھ لوگ نفرت پھیلاتے ہیں' جب تم میں سے کوئی امامت کروائے تو قرأت مختصر کرے کیونکہ پیچھے بزرگ اور ضرورتمند لوگ بھی ہوتے ہیں۔

لَمْ یَرْوِ هَذَا الْحَدِیثَ عَنْ اَبِی اِسْحَاقَ السَّبِیعِیِّ اِلَّا عَمَّارُ بْنُ زُرَیْقٍ، وَلَا عَنْ عَمَّارٍ اِلَّا اَبُو الْجَوَّابِ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: اِدْرِیسُ بْنُ الْحَكَمِ، وَالْمَشْهُورُ مِنَ

یہ حدیث ابواسحاق السبیعی سے عمار بن زریق اور عمار سے ابوالجواب روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں ادریس بن حکم اکیلے ہیں۔ مشہور یہ ہے کہ یہ

5347- أخرجه ابن ماجة: الأدب جلد2صفحه1231 رقم الحديث: 3738 في الزوائد: اسناده حسن' لأن عبد الله بن محمد مختلف فيه . وأحمد: المسند جلد6صفحه19 رقم الحديث: 23982 .

5348- أخرجه البخارى: الأذان جلد2صفحه234 رقم الحديث: 704' ومسلم: الصلاة جلد1صفحه340 .

حَدِيثِ إِسْمَاعِيلَ بْنِ أَبِى خَالِدٍ، عَنْ قَيْسٍ

حدیث اسماعیل بن ابوخالد قیس سے روایت کرتے ہیں۔

5349 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِى خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا حَاتِمُ بْنُ بَكْرِ بْنِ غَيْلَانَ الْقُطَعِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْهُنَائِيُّ قَالَ: نَا مَجَاعَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، عَنْ ذَكْوَانَ أَبِى صَالِحٍ، عَنْ أَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ، وَعَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، وَأَبِى هُرَيْرَةَ نُهُوا عَنِ الصَّرْفِ، قَالَ اثْنَانِ مِنْهُمْ: إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الصَّرْفِ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ' حضرت جابر بن عبداللہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما سے روایت کرتے ہیں کہ یہ دونوں بیع صرف سے منع کرتے تھے' دونوں نے کہا کہ حضور ﷺ بیع صرف سے منع کرتے تھے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَجَاعَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ إِلَّا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ، تَفَرَّدَ بِهِ: حَاتِمُ بْنُ بَكْرٍ

یہ حدیث مجاہد بن زبیر سے محمد بن عباد روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں حاتم بن بکر اکیلے ہیں۔

5350 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِى خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا عُمَرُ بْنُ يَحْيَى الْأُبُلِّيُّ قَالَ: نَا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ إِلَّا الْحَارِثُ بْنُ غَسَّانَ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: عُمَرُ بْنُ يَحْيَى

یہ حدیث ابن جریج سے حارث بن غسان روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عمر بن یحییٰ اکیلے ہیں۔

5351 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ أَبِى

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ

5349- أخرجه أحمد: المسند جلد 3 صفحه 11 رقم الحديث: 11054 وذكره الحافظ الهيثمى فى المجمع جلد 4 صفحه 117 وعزاه أيضًا الى أبى يعلى وقال: ورجاله رجال الصحيح .

5350- اسناده فيه: عمر بن يحيى الأيلى يسرق الحديث .

5351- اسناده فيه: مسلم بن عمرو الحذاء: صدوق . وقال الهيثمى فى المجمع جلد 2 صفحه 305: ورجاله ثقات الا أنى لم أعرف شيخ الطبرانى . قلت: شيخ الطبرانى ثقة معروف .

خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو الْحَذَّاءُ الْمَدِينِيُّ قَالَ: نَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ اَبِى ذِئْبٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا اشْتَكَى الْمُؤْمِنُ اَخْلَصَهُ اللّٰهُ مِنَ الذُّنُوبِ كَمَا يُخَلِّصُ الْكِيرُ الْخَبَثَ مِنَ الْحَدِيدِ

نے فرمایا: جب مؤمن بیمار ہوتا ہے تو اللہ عزوجل اس کے گناہ اس طرح معاف کرتا ہے جس طرح لوہے سے بھٹی زنگ اُتارتی ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ اِلَّا ابْنُ اَبِى ذِئْبٍ، وَلَا عَنِ ابْنِ اَبِى ذِئْبٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نَافِعٍ، وَتَفَرَّدَ بِهِ: مُسْلِمُ بْنُ عَمْرٍو

یہ حدیث ہشام بن عروہ سے ابن ابی ذئب اور ابن ابی ذئب سے عبداللہ بن نافع روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مسلم بن عمرو اکیلے ہیں۔

5352 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ: نَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، عَنْ اَبِى سَلَمَةَ، عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَكَلَ اَوْ شَرِبَ نَاسِيًا فِى رَمَضَانَ فَلَا قَضَاءَ عَلَيْهِ، وَلَا كَفَّارَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے رمضان شریف میں بھول کر کھا پی لیا' اس کے ذمہ قضاء ہے نہ کفارہ ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو الْاَنْصَارِيِّ، تَفَرَّدَ بِهِ: مُحَمَّدُ بْنُ مَرْزُوقٍ

یہ حدیث محمد بن عمرو انصاری سے روایت ہے' اس کو روایت کرنے میں محمد بن مرزوق اکیلے ہیں۔

5353 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى خَيْثَمَةَ قَالَ: نَا يَحْيَى بْنُ عَيَّاشٍ قَالَ: ثنا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ الْاُبُلِّيُّ قَالَ: نَا مِسْعَرُ بْنُ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ: شَهِدْتُ الْمَدِينَةَ وَبِهَا ابْنُ

حضرت عبدالملک بن میسرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں مدینہ میں حاضر ہوا تو حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہم وہاں موجود تھے' مدینہ کے والی کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے آپ کے پاس

5352- اسناده حسن ذكره الهيثمى فى المجمع جلد3صفحه160 وقال: وفيه محمد بن عمرو وحديثه حسن .

5353- اسناده فيه: حفص بن عمر الأيلى' كذبه أبو حاتم' وقال ابن عدى: أحاديثه كلها اما منكرة المتن أو السند وهو الى الضعف أقرب . وانظر مجمع الزوائد جلد3صفحه149 .

عُمَرَ، وَابْنُ عَبَّاسٍ، فَجَاءَ رَجُلٌ اِلَى وَالِيهَا، وَشَهِدَ عِنْدَهُ عَلَى رُؤْيَةِ هِلَالِ رَمَضَانَ، فَسَأَلَ ابْنَ عُمَرَ وَابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ شَهَادَتِهِ، فَأَمَرَاهُ اَنْ يُجِيزَهَا، وَقَالَا: اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجَازَ شَهَادَةَ رَجُلٍ وَاحِدٍ عَلَى رُؤْيَةِ هِلَالِ رَمَضَانَ، وَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُجِيزُ شَهَادَةً فِي الْاِفْطَارِ اِلَّا شَهَادَةَ رَجُلَيْنِ

رمضان کا چاند دیکھنے کی گواہی دی۔ حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما دونوں نے اس سے گواہی کے متعلق پوچھا' دونوں نے اس کی گواہی قبول کی' دونوں نے فرمایا: حضورﷺ رمضان کے چاند دیکھنے کے حوالہ سے ایک آدمی کی گواہی قبول کر لیتے تھے اور حضورﷺ عید الفطر کے چاند میں دو آدمیوں کی گواہی قبول کرتے تھے۔

اور اُن جیسے اعمال کرنے والے ہیں یہاں تک کہ ان سے مل جائیں اور اپنے نفس پر ظلم کرنے والے عام آدمی ہیں اور وہ جنہوں نے عام آدمیوں کی پیروی کی۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: وہ سارے جنتی ہیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ صُهْبَانَ اِلَّا اَبُو شُعَيْبٍ الصَّلْتُ بْنُ دِينَارٍ، تَفَرَّدَ بِهِ مُعْتَمِرٌ

یہ حدیث عقبہ بن صہبان سے ابوشعیب صلت بن دینار روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں معتمر اکیلے ہیں۔

6095 - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ الْحُسَيْنِ الدِّرْهَمِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ الْخَالِقِ اَبُو هَانِءٍ قَالَ: حَدَّثَنِي زِيَادُ بْنُ الْاَبْرَصِ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: كَانَتْ اُمُّ سُلَيْمٍ تُدَاوِي الْجَرْحَى فِي عَسْكَرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَتْ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، لَوْ دَعَوْتَ اللّٰهَ لِابْنِي، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اُنَيْسٌ؟ قَالَتْ: نَعَمْ، فَاَقْعَدَنِي بَيْنَ يَدَيْهِ وَمَسَحَ عَلَى رَاْسِي، فَقَالَ: يَا اُنَيْسُ، اِنَّ الْمُسْلِمِينَ يَتَمَصَّرُونَ بَعْدِي اَمْصَارًا، مِمَّا يُمَصِّرُونَ مِصْرًا، يُقَالُ لَهَا: الْبَصْرَةُ، فَاِنْ اَنْتَ وَرَدْتَهَا فَاِيَّاكَ وَفَيْضَهَا وَسُوقَهَا وَبَابَ سُلْطَانِهَا، فَاِنَّهَا سَيَكُونُ بِهَا خَسْفٌ، وَمَسْخٌ، وَقَذْفٌ، آيَةُ ذَلِكَ الزَّمَانِ اَنْ يَمُوتَ الْعَدْلُ، وَيَفْشُو فِيهِ الْجَوْرُ، وَيَكْثُرُ فِيهِ الزِّنَا، وَيَفْشُو فِيهِ شَهَادَةُ الزُّورِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلیم رضی اللہ عنہا' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لشکر کے زخمیوں کو دواء دیتی تھیں' آپ نے عرض کی: یا رسول اللہ! اگر آپ میرے بیٹے کے لیے اللہ سے دعا کریں! حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: انس کیلئے؟ عرض کی: جی ہاں! مجھے آپ نے آگے بڑھایا اور میرے سر پر ہاتھ پھیرا' فرمایا: اے انس! مسلمان میرے بعد شہروں میں جائیں گے' کچھ ایسے شہر کو جائیں گے کہ اس کو بصرہ کہا جاتا ہوگا' اگر تُو وہاں جائے تو اس کے بازار اور بادشاہ کے دروازے پر جانے سے پرہیز کرنا کیونکہ عنقریب فتنہ اور شکلوں کا بگڑنا ہوگا اور تہمت لگانا ہوگا' اس زمانہ کی نشانی یہ ہوگی کہ عادل آدمی کو مارا جائے گا' ظلم عام ہوگا' زنا کثرت سے ہوگا' جھوٹی گواہیاں عام ہوں گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ زِيَادٍ الْاَبْرَصِ اِلَّا بِهَذَا الْاِسْنَادِ

یہ حدیث زیاد ابرص سے اسی سند سے روایت ہے۔

6096 - حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبُ الْبَصْرِيُّ النَّحْوِيُّ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا هَمَّامٌ، عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ، وَمَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، وَبَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، وزِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ سَالِمٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ، وَعُمَرَ، وَعُثْمَانَ يَمْشُونَ اَمَامَ الْجِنَازَةِ

حضرت سالم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور حضرت ابوبکر وعمر وعثمان رضی اللہ عنہم کو جنازہ کے آگے چلتے ہوئے دیکھا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مَنْصُورِ بْنِ الْمُعْتَمِرِ، وَبَكْرِ بْنِ وَائِلٍ اِلَّا هَمَّامٌ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ هَمَّامٍ اِلَّا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، وَعَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ الْكِلَابِيُّ

یہ حدیث منصور بن معتمر اور بکر بن وائل سے صرف ہمام اور ہمام سے ابوعبدالرحمٰن المقری اور عمرو بن عاصم الکلابی روایت کرتے ہیں۔

6097 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: نا اَبِي قَالَ: نا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ خُصَيْفٍ، عَنْ نَافِعٍ قَالَ: قِيلَ لِابْنِ عُمَرَ: هَذَا يُصَلِّي عَلَى رَاحِلَتِكَ اِذَا تَوَجَّهْتَ اِلَى مَكَّةَ، فَلِمَ تَصْنَعُ ذَلِكَ اِذَا رَجَعْتَ اِلَى الْمَدِينَةِ؟ قَالَ: لَوْ لَمْ اَرَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَنَعَهُ لَمْ اَصْنَعْهُ

حضرت نافع فرماتے ہیں کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے عرض کی گئی: آپ سواری پر نماز پڑھتے ہیں جب مکہ کی طرف جاتے ہیں' جب مدینہ کی طرف واپس آتے ہیں پھر ایسا کیوں نہیں کرتے؟ آپ نے فرمایا: اگر ایسا کرتے ہوئے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہ دیکھا ہوتا تو میں ایسے نہ کرتا۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ خُصَيْفٍ اِلَّا عَتَّابُ بْنُ بَشِيرٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْمُقْرِءُ

یہ حدیث خصیب سے عتاب بن بشیر روایت کرتے ہیں۔اس کو روایت کرنے میں المقری اکیلے ہیں۔

6096- أخرجه أبو داؤد: الجنائز جلد 3 صفحه 201 رقم الحديث: 3179' والترمذی: الجنائز جلد 3 صفحه 320 رقم الحديث: 1007-1009' والنسائی: الجنائز جلد 4 صفحه 46-45 (باب مكان الماشی من الجنازة)' وابن ماجة: الجنائز جلد 1 صفحه 475 رقم الحديث: 1482 .

6097- أصله عند البخاری ومسلم مختصرًا . أخرجه البخاری: تقصير الصلاة جلد 2 صفحه 668 رقم الحديث: 1095' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 486 .

6098 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ وَائِلِ بْنِ دَاوُدَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَهِيِّ، عَنْ عَائِشَةَ، قَالَتْ: اَطْعَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَدِيجَةَ مِنْ عِنَبِ الْجَنَّةِ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کو جنت سے انگور کھلائے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْبَهِيِّ اِلَّا وَائِلُ بْنُ دَاوُدَ، تفَرَّدَ بِهِ مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ

یہ حدیث البہی سے وائل بن داؤد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں مروان بن معاویہ اکیلے ہیں۔

6099 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ ثَعْلَبٌ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ قَالَ: ثَنَا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِى الشَّعْثَاءِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَكَحَ خَالَتَهُ مَيْمُونَةَ وَهُوَ مُحْرِمٌ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میری خالہ میمونہ رضی اللہ عنہا سے حالتِ احرام میں نکاح کیا۔

لَمْ يُدْخِلْ بَيْنَ عَطَاءٍ وَبَيْنَ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَبَا الشَّعْثَاءِ فِي هَذَا الْحَدِيثِ، اَحَدٌ مِمَّنْ رَوَاهُ، عَنِ ابْنِ جَرِيحٍ اِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ

عطاء اور ابن عباس کے درمیان ابوالشعثاء کو اس حدیث میں صرف اس روایت میں داخل کیا ہے' جو ابن جریج سعید بن سالم القداح روایت کرتے ہیں۔

6100 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءِ بْنِ مُحَمَّدٍ الْعُذْرِيّ قَالَ: ثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَاتِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ يُونُسَ الْحَفَرِيُّ قَالَ: نا حُسَنُ بْنُ

حضرت ربیع بنت معوذ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وضو کیا اور سر کا مسح ایک مرتبہ کیا۔

6099- أخرجه البخاری: الصيد جلد **4** صفحه **62** رقم الحديث: **1837**' ومسلم: النكاح جلد **2** صفحه **1031** بلفظ: تزوج......' وابن ماجة: النكاح جلد **1** صفحه **632** رقم الحديث: **1965** بلفظ: نكح...... .

6100- أخرجه أبو داؤد: الطهارة جلد **1** صفحه **32** رقم الحديث: **129**' والترمذی: الطهارة جلد **1** صفحه **49** رقم الحديث: **34** وقال: حسن صحيح .

عَیَّاشٍ، اَخُو اَبِی بَکْرِ بْنِ عَیَّاشٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُقَیْلٍ، عَنِ الرُّبَیِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذٍ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ بِرَاْسِهِ مَرَّةً

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَیَّاشٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ یُونُسَ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَبَّاسُ

یہ حدیث حسن بن عیاش سے عبدالرحمٰن بن یونس روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں العباس اکیلے ہیں۔

6101 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ حَاتِمٍ قَالَ: نا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ بْنِ صَادِرٍ الْمَدَائِنِیُّ قَالَ: نا فُضَیْلُ بْنُ سُلَیْمَانَ النُّمَیْرِیُّ، عَنْ کَثِیرِ بْنِ قَارَوَنْدَا قَالَ: ثَنَا عَوْنُ بْنُ اَبِی جُحَیْفَةَ، عَنْ اَبِیهِ قَالَ: حَجَجْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ حَجَّةَ الْوَدَاعِ، فَمَا زِلْنَا نُصَلِّی رَکْعَتَیْنِ رَکْعَتَیْنِ حَتّٰی رَجَعْنَا

حضرت عون بن ابوجحیفہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حجۃ الوداع کیا' ہم واپس آنے تک دو دو رکعتیں پڑھتے رہے۔

لَمْ یَرْوِ هٰذَا الْحَدِیثَ عَنْ کَثِیرِ بْنِ قَارَوَنْدَا اِلَّا فُضَیْلُ بْنُ سُلَیْمَانَ، وَلَا عَنْ فُضَیْلٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیزِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَبَّاسُ

یہ حدیث کثیر بن قاروندا سے فضیل بن سلیمان اور فضیل سے عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز روایت کرتے ہیں' اس کو روایت کرنے میں عباس اکیلے ہیں۔

6102 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا الْعَبَّاسُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ: نا یُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُؤَدِّبُ قَالَ: نا هَارُونُ بْنُ مُوسَی النَّحْوِیُّ، عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ، عَنِ الشَّعْبِیِّ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ، اَنَّهُ: سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ''والذکر والانثی'' پڑھتے سنا۔

6102- أخرجه البخاري: التفسير جلد 8 صفحه 577 رقم الحديث: 4933' ومسلم: المسافرين جلد 1 صفحه 566 وفيه قصة .

وَسَلَّمَ يَقْرَأُ: (وَالذَّكَرِ وَالْأُنْثَى)

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ هَارُونَ النَّحْوِيِّ، إِلَّا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَبَّاسُ

یہ حدیث ہارون نحوی سے یونس بن محمد روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عباس اکیلے ہیں۔

6103 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسٍ الْهَاشِمِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: ثنا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، عَنْ أَبِي يُونُسَ، عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كُلُّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ قَالَ عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ: حَدَّثَنِي إِسْمَاعِيلُ بْنُ أَبَانَ، قَالَ أَبُو الْقَاسِمِ الطَّبَرَانِيُّ: إِنَّمَا سُمِّيَ أَبُو يُونُسَ الْقَوِيَّ، لِقُوَّتِهِ عَلَى الْعِبَادَةِ، قَامَ حَتَّى أُقْعِدَ، وَبَكَى حَتَّى عَمِيَ، وَصَامَ حَتَّى صَارَ كَالْخَشَبَةِ

حضرت عمرو بن شعیب اپنے والد سے وہ ان کے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: ہر نشہ آور شی حرام ہے۔ علی بن حرب فرماتے ہیں: مجھے اسماعیل بن ابان نے بیان کیا۔ ابوالقاسم امام طبرانی فرماتے ہیں: ابویونس کا نام قوی اس لیے ہے کہ یہ عبادت کرنے کے لیے بڑی کوشش کرتے تھے کھڑے رہتے یہاں تک کہ بیٹھ جاتے اور روتے یہاں تک کہ اندھے ہو گئے روزوں سے لکڑی کی طرح ہو گئے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ أَبِي يُونُسَ إِلَّا سَعِيدُ بْنُ سَالِمٍ الْقَدَّاحُ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ

یہ حدیث ابویونس سے سعید بن سالم القداح روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں علی بن حرب اکیلے ہیں۔

6104 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسَ الْهَاشِمِيُّ قَالَ: ثنا عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ الْمُوصِلِيُّ قَالَ: ثنا الْمُعَافَى بْنُ الْمِنْهَالِ الْأَرْمَنِيُّ قَالَ: نا الْوَلِيدُ بْنُ سَعِيدٍ الرَّبَعِيُّ، عَنْ زَيْدِ بْنِ جَبِيرَةَ بْنِ مَحْمُودِ بْنِ أَبِي جَبِيرَةَ الْأَنْصَارِيِّ، عَنْ أَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ أَبِي جَبِيرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْوَلَدُ

حضرت جبیرہ سے روایت ہے وہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بچہ اور غلام وزیر سات سال تک سردار ہوتا ہے اگر اکیس سال اپنی ذمہ داری سنبھالنے پر راضی ہو جائے ورنہ اس کی کروٹ پر مارے تو نے اپنا عذر اللہ کے ہاں پیش کیا۔

6103- أخرجه أبو داؤد: الأشربة جلد 3 صفحه 327 رقم الحديث: 3685، وأحمد: المسند جلد 2 صفحه 215 رقم الحديث: 6485 .

سَيِّدٌ سَبْعَ سِنِينَ، وَعَبْدٌ سَبْعَ سِنِينَ، وَوَزِيرٌ سَبْعَ سِنِينَ، فَإِنْ رَضِيتَ مُكَانَفَتَهُ لِإِحْدَى وَعِشْرِينَ، وَإِلَّا فَاضْرِبْ عَلَى جَنْبِهِ، فَقَدِ اعْتَذَرْتَ إِلَى اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَلِيُّ بْنُ حَرْبٍ

رسول اللہ ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں علی بن حرب اکیلے ہیں۔

6105 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ الْبَاهِلِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ الْوَاسِطِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي غَنِيَّةَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كَانَ لِيَعْقُوبَ عَلَيْهِ السَّلَامُ أَخٌ مُوَاخِي، فَقَالَ لَهُ ذَاتَ يَوْمٍ: يَا يَعْقُوبُ مَا الَّذِي أَذْهَبَ بَصَرَكَ؟ وَمَا الَّذِي قَوَّسَ ظَهْرَكَ؟ قَالَ: أَمَّا الَّذِي أَذْهَبَ بَصَرِي فَالْبُكَاءُ عَلَى يُوسُفَ، وَأَمَّا الَّذِي قَوَّسَ ظَهْرِي، فَالْحُزْنُ عَلَى بِنْيَامِينَ، فَأَتَاهُ جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا يَعْقُوبُ، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لَكَ: أَمَا تَسْتَحِي أَنْ تَشْكُونِي إِلَى غَيْرِي، فَقَالَ يَعْقُوبُ: إِنَّمَا أَشْكُو بَثِّي، وَحُزْنِي إِلَى اللَّهِ، فَقَالَ جِبْرِيلُ: اللَّهُ أَعْلَمُ بِمَا تَشْكُو يَا يَعْقُوبُ، ثُمَّ قَالَ يَعْقُوبُ: أَيْ رَبِّ، أَمَا تَرْحَمُ الشَّيْخَ الْكَبِيرَ، أَذْهَبْتَ بَصَرِي، وَقَوَّسْتَ ظَهْرِي، فَارْدُدْ عَلَيَّ يُوسُفَ رَيْحَانَتِي، أَشُمُّهُ شَمَّةً قَبْلَ الْمَوْتِ، ثُمَّ اصْنَعْ بِي يَا رَبِّ مَا شِئْتَ، فَأَتَاهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ‘ حضور ﷺ سے راوی ہیں‘ آپ نے فرمایا: حضرت یعقوب علیہ السلام نے ایک آدمی سے بھائی چارہ قائم کر رکھا تھا۔اس نے ایک دن آپ کی خدمت میں عرض کیا: اے بھائی یعقوب! کس چیز نے آپ کی آنکھیں لیں؟ اور کس چیز نے آپ کی کمر کو دُہرا کر دیا؟ آپ نے فرمایا: جہاں تک تعلق ہے آنکھوں کی بینائی کے جانے کا تو میں یوسف علیہ السلام پر روتا رہا اور بنیامین پر غم کھانے کی وجہ سے میری کمر جھک گئی۔حضرت جبریل علیہ السلام ان کے پاس تشریف لائے‘ کہا: اے یعقوب! اللہ آپ کو سلام فرماتا ہے اور کہتا ہے: تجھے میرے غیر کے سامنے شکایت کرتے ہوئے جھجک محسوس نہیں ہوتی! تو یعقوب علیہ السلام کے منہ سے نکلا: بس میں تو اپنی تکلیف و پریشانی کی شکایت اللہ سے کرتا ہوں۔حضرت جبریل علیہ السلام نے کہا: اے یعقوب! اللہ کو معلوم ہے جو آپ شکایت کر رہے ہیں۔پھر حضرت یعقوب علیہ السلام نے کہا: اے میرے رب! بڑے بوڑھے پر کیا تو رحم نہیں فرمائے گا۔تُو

جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ، فَقَالَ: يَا يَعْقُوبُ، إِنَّ اللّٰهَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ، وَيَقُولُ لَكَ: أَبْشِرْ، وَلْيَفْرَحْ قَلْبُكَ، وَعِزَّتِي لَوْ كَانَا مَيِّتَيْنِ لَنَشَرْتُهُمَا لَكَ، فَاصْنَعْ طَعَامًا لِلْمَسَاكِينِ، فَإِنَّ أَحَبَّ عِبَادِي إِلَيَّ الْمَسَاكِينُ، وَتَدْرِي لِمَ أَذْهَبْتُ بَصَرَكَ وَقَوَّسْتُ ظَهْرَكَ. وَصَنَعَ إِخْوَةُ يُوسُفَ مَا صَنَعُوا بِهِ؟ إِنَّكُمْ ذَبَحْتُمْ شَاةً، فَأَتَاكُمْ مِسْكِينٌ صَائِمٌ، فَلَمْ تُطْعِمُوهُ مِنْهَا شَيْئًا، وَكَانَ يَعْقُوبُ بَعْدَ ذَلِكَ إِذَا أَتَاهُ الْغَدَاءُ أَمَرَ مُنَادِيًا، فَنَادَى: أَلَا مَنْ أَرَادَ الْغَدَاءَ مِنَ الْمَسَاكِينِ فَلْيَتَغَدَّى عِنْدَ يَعْقُوبَ، وَإِنْ كَانَ صَائِمًا أَمَرَ مُنَادِيًا، فَنَادَى: أَلَا مَنْ كَانَ صَائِمًا مِنَ الْمَسَاكِينِ فَلْيُفْطِرْ مَعَ يَعْقُوبَ

نے میری بصارت بھی لے لی اور میری کمر کو کمان کی طرح بنا دیا' اب تو میرا یوسف مجھے لوٹا دے' وہ تو میرا چین اور آرام تھا' میرے لیے خوشبو کی مانند تھا' موت سے پہلے کم از کم ایک بار تو میں اس کی خوشبو سونگھ لوں' پھر اے میرے رب! جو چاہنا' میرے ساتھ کرنا۔ پھر جبریل علیہ السلام ان کے پاس تشریف لائے' کہا: اے یعقوب! اللہ آپ کو سلام کہنے کے بعد ارشاد فرماتا ہے: خوش ہو جاؤ اور تمہارا دل' فرحت و انبساط سے پھول جانا چاہیے' مجھے میری عزت کی قسم! اگر وہ دونوں (یوسف و بنیامین) مر بھی گئے ہوتے تو میں تیرے لیے ان کو زندہ کر کے بھیج دیتا۔ اب کھانا پکا' مسکینوں کو کھلا کیونکہ مجھے میرے بندوں میں سے مسکین زیادہ پسند ہیں اور تُو جانتا ہے کہ میں نے تیری آنکھیں کیوں لیں' تیری پیٹھ کو کیوں جھکایا اور حضرت یوسف علیہ السلام کے بھائیوں نے ان کے ساتھ سلوک کیا جو کیا؟ کیونکہ تم نے ایک بکری ذبح کی' تمہارے پاس ایک مسکین آیا جو روزہ دار تھا' تم نے اس میں سے' اُسے کچھ بھی نہ دیا۔ اس کے بعد حضرت یعقوب علیہ السلام نے یہ عادت بنا لی کہ جب بھی صبح کا کھانا آتا۔ آپ منادی کو حکم دیتے کہ وہ اعلان کرے: ہے کوئی مساکین میں سے جو حضرت یعقوب کے ساتھ صبح کا کھانا کھائے اور اگر وہ روزہ دار ہے تو شام کو حضرت یعقوب کے پاس افطار کرے' جب آپ روزہ دار ہوتے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ وَهْبُ بْنُ بَقِيَّةَ

یہ حدیث نبی کریم ﷺ سے اسی سند کے ساتھ مروی ہے' وہیب بن بقیہ اس کے ساتھ اکیلے ہیں۔

6106 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ حَبِيبٍ الْمُقْرِءُ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا دِينَارُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلَى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ. قَالَ: حَدَّثَنِي مَوْلَايَ اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طُوبَى لِمَنْ رَآنِي، وَمَنْ رَاَى مَنْ رَآنِي، وَمَنْ رَاَى مَنْ رَاَى مَنْ رَآنِي ثَلَاثًا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خوشخبری اس کے لیے جس نے مجھے دیکھا اور جس نے مجھے دیکھنے والے کو دیکھا اور جس نے مجھے دیکھنے والے کو دیکھنے والے اور اس نے اس کو دیکھا' تین مرتبہ فرمایا۔

6107 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ الْبَصْرِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا سَلْمُ بْنُ زَرِيرٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِابْنِ صَائِدٍ: خَبَّاْتُ لَكَ خَبأً قَالَ: هُوَ الدُّخُّ قَالَ: اخْسَاْ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ابن صائد سے فرمایا: میں نے تجھ سے کچھ چھپایا ہے' فرمایا: وہ دھواں ہے' اور فرمایا: انتہائی کم ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ اِلَّا سَلْمُ بْنُ زَرِيرٍ

یہ حدیث ابورجاء سے سلم بن وزیر روایت کرتے ہیں۔

6108 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ الْمُحَارِبِيُّ قَالَ: ثنا اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ قَالَ: قَالَ اَبِي: كُنَّا نُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَلَيْسَ لِلْحِيطَانِ فَيْءٌ يُسْتَظَلُّ بِهِ

حضرت ابی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ جمعہ کے دن نماز پڑھتے' اس وقت باغوں کا کوئی سایہ نہیں ہوتا تھا۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْلَى بْنُ الْحَارِثِ

یہ حدیث سلمہ بن اکوع سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں یعلیٰ بن حارث اکیلے

6107- أخرجه البخاري: الأدب جلد10صفحه576 رقم الحديث:6172 .

6108- أخرجه البخاري: المغازي جلد7صفحه514 رقم الحديث:4168' ومسلم: الجمعة جلد2صفحه589 .

ہیں۔

6109 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا اَبُو الْوَلِيدُ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: ثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ اَبِي عُلْوَانَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: اُمِرَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بِخَمْسِينَ صَلَاةً، فَسَاَلَ رَبَّهُ اَنْ يَجْعَلَهَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ تمہارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو پچاس نمازوں کا حکم ہوا تھا' آپ نے اپنے رب سے کم ہونے کا مطالبہ کیا یہاں تک کہ پانچ رہ گئیں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُصْمٍ اِلَّا شَرِيكٌ

یہ حدیث عبداللہ بن عاصم سے شریک روایت کرتے ہیں۔

6110 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: نا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ ثَرْوَانَ، عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، كَانَ جَالِسًا وَشَاتَانِ تَعْتَلِفَانِ، فَنَطَحَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرَى، فَاَجْهَضَتْهَا، فَضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ لَهُ: مَا يُضْحِكُكَ؟ فَقَالَ: عَجِبْتُ لَهَا، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ لَيُقَادَنَّ لَهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف فرما تھے' دو بکریاں لڑ پڑیں' ان میں سے ایک نے دوسری کو سینگ مارا' وہ غالب آ گئی' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسکرائے' آپ سے مسکرانے کی وجہ پوچھی گئی تو آپ نے فرمایا: مجھے اس پر تعجب ہے! اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! قیامت کے دن اس بکری کو بدلہ دلوایا جائے گا۔

لَمْ يَرْوِ هُزَيْلُ بْنُ شُرَحْبِيلَ عَنْ اَبِي ذَرٍّ حَدِيثًا غَيْرَ هَذَا، وَلَا رَوَاهُ عَنْ هُزَيْلٍ اِلَّا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ ثَرْوَانَ اَبُو قَيْسٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ اَبِي قَيْسٍ اِلَّا لَيْثُ بْنُ اَبِي سُلَيْمٍ، وَلَا رَوَاهُ عَنْ لَيْثٍ اِلَّا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، وَصَدَقَةُ بْنُ مُوسَى الدَّقِيقِيُّ

ہزیل بن شرحبیل' حضرت ابوذر سے اس حدیث کے علاوہ روایت نہیں کرتے ہیں اور ہزیل سے عبدالرحمن بن ثروان ابوقیس اور ابوقیس سے لیث بن ابوسلیم اور لیث سے حماد بن سلمہ اور صدقہ بن موسیٰ دقیقی روایت کرتے ہیں۔

6111 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ بُكَيْرٍ الطَّيَالِسِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عُكَاشَةَ الْكِرْمَانِيَّ، يَقُولُ: اَخْبَرَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ حَمَّادٍ الْكِرْمَانِيُّ، عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ: مِنِ اغْتَسَلَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ وَصَلَّى رَكْعَتَيْنِ فَقَرَاَ فِيهِمَا اَلْفَ مَرَّةٍ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، ثُمَّ نَامَ عَلَى طُهْرٍ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: دُمْتُ عَلَيْهِ اَكْثَرَ مِنْ سَنَتَيْنِ اَغْتَسِلُ فِي كُلِّ لَيْلَةِ جُمُعَةٍ، اُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ اَقْرَاُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَلْفَ مُرَّةٍ طَمَعًا اَنْ اَرَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَنَامِ، فَصَلَّيْتُ لَيْلَةَ جُمُعَةٍ رَكْعَتَيْنِ، قَرَاْتُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَلْفَ مُرَّةٍ، فَلَمَّا اَخَذْتُ مَضْجَعِي اَصَابَنِي حُلْمٌ، فَقُمْتُ فَاغْتَسَلْتُ، وَصَلَّيْتُ رَكْعَتَيْنِ، قَرَاْتُ فِيهِمَا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَلْفَ مُرَّةٍ، فَلَمَّا فَرَغْتُ مِنْهُمَا كَانَ وَقْتَ السَّحَرِ اسْتَنَدْتُ اِلَى الْحَائِطِ وَوَجْهِي اِلَى الْقِبْلَةِ، فَدَخَلَ عَلَيَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَلَى النَّعْتِ، وَالصِّفَةِ وَعَلَيْهِ بُرْدَانِ مِنْ هَذِهِ الْبُرُودِ الْيَمَانِيَةِ قَدْ تَاَزَّرَ بِوَاحِدٍ، وَارْتَدَى بِالْآخَرِ، فَجَاءَ فَاسْتَوَى عَلَى رِجْلِهِ الْيُسْرَى، وَاَقَامَ الْيُمْنَى، قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: فَاَرَدْتُ اَنْ اَقُولَ: حَيَّاكَ اللّٰهُ، فَبَدَاَنِي، فَقَالَ: حَيَّاكَ اللّٰهُ، وَكُنْتُ اُحِبُّ اَنْ اَرَى ثَنِيَّتَهُ الْمَكْسُورَةَ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَظَرْتُ اِلَى رَبَاعِيَتِهِ الْمَكْسُورَةِ. فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ الْفُقَهَاءَ قَدْ خَلَطُوا عَلَيَّ،

حضرت زہری فرماتے ہیں: جو آدمی جمعہ کی رات کو غسل کرے اور دو رکعت نفل پڑھے ان دونوں رکعتوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھے پھر باوضو سو جائے اس کو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہو گی۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں دو سال سے زیادہ سے کر رہا ہوں کہ ہر جمعہ کی رات کو غسل کرتا ہوں اور دو رکعت نفل پڑھتا ہوں ان دونوں رکعتوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھتا ہوں اس طمع سے کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت ہو میں نے ایک جمعہ کی رات کو دو رکعت پڑھیں اور ان دونوں میں ایک ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھی جب میں بستر پر سویا تو مجھے احتلام ہو گیا میں اُٹھا اور غسل کیا اور دو رکعت پڑھیں ان دونوں رکعتوں میں ہزار مرتبہ قل ھو اللہ احد پڑھی جب میں پڑھ کر فارغ ہوا تو سحری کا وقت تھا میں نے دیوار سے ٹیک لگائی اور اپنا چہرہ قبلہ کی طرف کیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے پاس آئے اس صفت طریقے پر کہ آپ نے دو چادریں لی ہوئی تھیں یمنی اور ایک کا آپ نے تہبند پہن رکھا تھا دوسری اوپر اوڑھی ہوئی تھی۔ آپ نے بایاں پاؤں سیدھا کیا اور دائیں کو کھڑا کیا۔ محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں نے آپ سے بات کرنے کا ارادہ کیا کہ اللہ آپ کو زندہ رکھے! آپ نے مجھ سے ابتداء کی فرمایا: اللہ آپ کو سلامت رکھے! میں پسند کرتا تھا کہ آپ کا وہ دانت دیکھوں جو شہید ہوا تھا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبسم فرمایا تو میں نے شہید دانت مبارک دیکھے میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! فقہاء نے مجھ پر کچھ

وَعِنْدِي أَصْلَانِ مِنَ السُّنَّةِ، فَأَعْرِضُهُنَّ عَلَيْكَ؟ قَالَ: نَعَمْ، قُلْتُ: الرِّضَا بِقَضَاءِ اللّٰهِ، وَالتَّسْلِيمُ لِأَمْرِ اللّٰهِ، وَالصَّبْرُ عَلَى حُكْمِهِ، وَالْأَخْذُ بِمَا أَمَرَ اللّٰهُ، وَالنَّهْيُ عَمَّا نَهَى اللّٰهُ، وَإِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ، وَالْإِيمَانُ بِالْقَدَرِ خَيْرِهِ وَشَرِّهِ مِنَ اللّٰهِ، وَتَرْكُ الْمِرَاءِ وَالْخُصُومَاتِ فِي الدِّينِ، وَالْمَسْحُ عَلَى الْخُفَّيْنِ، وَالْجِهَادُ مَعَ كُلِّ خَلِيفَةٍ، وَصَلَاةُ الْجُمُعَةِ مَعَ كُلِّ بَرٍّ، وَفَاجِرٍ، وَالصَّلَاةُ عَلَى مَنْ مَاتَ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ، وَالْإِيمَانُ قَوْلٌ وَعَمَلٌ يَزِيدُ وَيَنْقُصُ، وَالْقُرْآنُ كَلَامُ اللّٰهِ غَيْرُ مَخْلُوقٍ، وَالصَّبْرُ تَحْتَ لِوَاءِ السُّلْطَانِ عَلَى مَا كَانَ فِيهِ مِنْ عَدْلٍ أَوْ جَوْرٍ، وَلَا يُخْرَجُ عَلَى الْأُمَرَاءِ بِالسَّيْفِ وَإِنْ جَارُوا، وَلَا يُنْزَلُ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ الْقِبْلَةِ جَنَّةً، وَلَا نَارًا، وَلَا يُكَفَّرُ أَحَدٌ مِنْ أَهْلِ التَّوْحِيدِ، وَإِنْ عَمِلُوا بِالْكَبَائِرِ، وَالْكَفُّ عَنْ مَسَاوِءِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَأَفْضَلُ النَّاسِ بَعْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَبُو بَكْرٍ، ثُمَّ عُمَرُ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: فَوَقَفْتُ عِنْدَ عُثْمَانَ، وَعَلِيٍّ، فَإِنِّي هِبْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنْ أُفَضِّلَ عُثْمَانَ عَلَى عَلِيٍّ، قُلْتُ فِي نَفْسِي: عَلِيٌّ ابْنُ عَمِّهِ، وَعُثْمَانُ خَتَنُهُ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَأَنَّهُ قَدْ عَلِمَ، ثُمَّ قَالَ: عُثْمَانُ، ثُمَّ عَلِيٌّ، قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هَذِهِ السُّنَّةُ، تَمَسَّكْ بِهَا وَضَمَّ أَصَابِعَهُ، وَعَقَدَ عَلَى ثَلَاثَةٍ وَتِسْعِينَ، وَضَمَّ إِبْهَامَهُ فَوْقَ

ملایا ہے' میرے پاس حدیث کی اصلیں ہیں' آپ کو سناؤں؟ آپ نے فرمایا: جی ہاں! میں نے عرض کی: رضا اللہ کا فیصلہ ہے' سلامتی اللہ کا حکم ہے' صبر اس کا حکم ہے' جس کا اللہ نے حکم دیا ہے اس کو پکڑنا' جس سے اللہ نے منع کیا اس سے باز رہنا' اللہ کے لیے عبادت خلوص سے کرنا' اچھی اور بُری تقدیر پر ایمان لانا' دکھاوا چھوڑنا اور دین میں جھگڑے چھوڑنا' موزوں پر مسح کرنا' ہر نائب دشمن سے جہاد کرنا' ہر اچھے بُرے کے ساتھ نمازِ جمعہ پڑھنا' جو بھی لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والا ہو اس کا جنازہ پڑھنا' ایمان نام قول اور عمل کا ہے' زیادہ اور کم ہوتا ہے' قرآن اللہ کا کلام ہے مخلوق نہیں ہے' بادشاہ کے جھنڈے کے نیچے صبر کرنا' چاہے وہ بادشاہ عادل ہو یا ظالم ہو' کسی بادشاہ کے خلاف تلوار لے کر نکلنا درست نہیں ہے اگرچہ وہ ظالم ہو' لا الٰہ الا اللہ پڑھنے والا جنت میں جائے گا' کبیرہ گناہ کرنے والا ایمان سے نہیں نکلتا ہے۔ حضور ﷺ کے اصحاب کی بُرائی بیان کرنے سے رُک جانا' رسول اللہ ﷺ کے بعد افضل ابوبکر پھر عمر ہیں۔ محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: میں حضرت عثمان اور حضرت علی رضی اللہ عنہما کے متعلق بات کرنے سے رُک گیا' حضور ﷺ سے ڈر گیا کہ میں حضرت عثمان کو حضرت علی سے افضل قرار دوں۔ میں نے اپنے دل میں کہا: حضرت علی آپ کے چچا زاد ہیں اور حضرت عثمان آپ کے داماد ہیں۔ حضور ﷺ نے تبسم فرمایا کیونکہ آپ جانتے تھے' پھر آپ نے فرمایا: عمر کے بعد افضل عثمان ہے پھر علی

اَصَابِعَهُ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: عَرَضْتُ عَلَيْهِ هَذِهِ الْأُصُولَ ثَلَاثَ لَيَالٍ، كُلَّ لَيْلَةٍ أَقِفُ عِنْدَ عَلِيٍّ وَعُثْمَانَ، فَتَبَسَّمَ عِنْدَ وُقُوفِي، كَأَنَّهُ قَدْ عَلِمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ يَقُولُ: عُثْمَانُ ثُمَّ عَلِيٌّ، تَمَسَّكْ بِهَا . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: كُنْتُ أَعْرِضُ عَلَيْهِ هَذِهِ الْأُصُولَ وَعَيْنَاهُ تَهْطِلَانِ بَكَّاءً، إِنْ قُلْتُ: وَالْكَفُّ عَنْ مَسَاوِءِ أَصْحَابِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْتَحَبَ حَتَّى عَلَا صَوْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ . قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عُكَاشَةَ: وَجَدْتُ بَعْدَ رُؤْيَايَ حَلَاوَةً فِي فَمِي وَقَلْبِي، فَكُنْتُ ثَمَانِيَةَ أَيَّامٍ لَا آكُلُ طَعَامًا، حَتَّى ضَعُفْتُ عَنْ صَلَاةِ الْفَرِيضَةِ، فَلَمَّا أَكَلْتُ الطَّعَامَ ذَهَبَتْ تِلْكَ الْحَلَاوَةُ مِنْ فَمِي

ہے۔ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: یہ سنت ہے اس کو پکڑ، یعنی اس پر عمل کر۔ آپ نے اپنی انگشت مبارک ملائیں اور انگوٹھے کو انگلی کے اوپر رکھا۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: یہ اصول تین رات تک پیش آتے رہے ہر رات میں، حضرت علی وعثمان کے متعلق بات کرتے ہوئے خاموش ہو جاتا، آپ میرے رُکنے پر تبسم فرماتے کیونکہ آپ جانتے تھے، پھر فرماتے: عمر کے بعد عثمان پھر علی ہیں، اس پر عمل کر۔ حضرت محمد بن عکاشہ فرماتے ہیں: یہ اصول میں نے آپ پر پیش کیے اس حالت میں کہ دونوں آنکھوں سے آنسو جاری تھے۔ میں نے کہا: میں حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اصحاب کی بُرائی بیان کرنے سے خاموش رہوں گا۔ حضرت محمد بن عکاشہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے خواب کے بعد اس کی مٹھاس اپنے منہ اور دل میں پائی۔ میں نے آٹھ دن تک کوئی شی نہیں کھائی یہاں تک کہ میں فرض نماز ادا کرنے سے کمزور ہو گیا، جب میں نے کھانا کھایا تو مجھ سے مٹھاس چلی گئی۔

6112 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ أَبُو شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ الْمَخْرَمِيُّ، عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ: قَطَعَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِجَنٍّ قِيمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسی ڈھال کے چوری کرنے پر ہاتھ کاٹا جس کی قیمت تین درہم تھی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ إِسْمَاعِيلَ بْنِ

یہ حدیث اسماعیل بن محمد بن سعد سے عبداللہ بن

6112- أخرجه النسائی: السارق جلد8صفحه69 (باب القدر الذی اذا سرقه السارق قطعت یده) بنحوه .

مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ اِلَّا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَخْزُومِيُّ، تَفَرَّدَ بِهِ النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ

جعفر مخزومی روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں نعمان بن شبل اکیلے ہیں۔

6113 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: ثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي رَوْقٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الضَّحَّاكِ بْنِ مُزَاحِمٍ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، فِي قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ: (مَا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيلٌ) (الكهف:22) ، قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ: اَنَا مِنْ اُولَئِكَ الْقَلِيلِ مكسملينا، وتمليخا وَهُوَ الْمَبْعُوثُ بِالْوَرِقِ اِلَى الْمَدِينَةِ، ومرطولس، ويثبونس، وذرتونس، وكفاشطيطوس، ومنطنواسيسوس وَهُوَ الرَّاعِي وَالْكَلْبُ اسْمُهُ قِطْمِيرُ، دُونَ الْكُرْدِيِّ، وَفَوْقَ الْقِبْطِيِّ، لَا اَظُنُّ فَوْقَ الْقِبْطِيِّ قَالَ اَبُو شُبَيْلٍ: قَالَ اَبِي: بَلَغَنِي اَنَّهُ مَنْ كَتَبَ هَذِهِ الْاَسْمَاءَ فِي شَيْءٍ وَطَرَحَهُ فِي حَرِيقٍ سَكَنَ الْحَرِيقُ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' اللہ عزوجل کے اس ارشاد ''اصحابِ کہف کو بہت کم لوگ جانتے ہیں'' کے متعلق فرماتے ہیں: وہ لوگ بہت تھوڑے تھے: مکسملینا اور تملیخا یہ شہر میں چاندی لے کر گئے تھے' مرطولس' یثبونس' ذرتونس' کفاشطیطوس' منطنواسیسوس تھے' کتے کا نام قطمیر تھا' جو کردی سے کم اور قبطی سے بڑا' میں خیال نہیں کرتا ہوں کہ وہ قبطی سے بڑا تھا۔ ابوشبیل فرماتے ہیں مجھے میرے والد نے بتایا کہ جو یہ اصحابِ کہف کے نام کسی شی پر لکھے' اس کو آگ میں ڈالے تو وہ آگ بجھ جائے گی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ اَبِي رَوْقٍ اِلَّا ابْنُهُ يَحْيَى

یہ حدیث ابوروق سے ان کے بیٹے یحیٰی روایت کرتے ہیں۔

6114 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ النُّعْمَانِ بْنِ شِبْلٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ النُّعْمَانِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَمِّ اَبِي، عَنْ يَحْيَى بْنِ الْعَلَاءِ الرَّازِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ اَبِي اُمَيَّةَ، عَنْ مُجَاهِدٍ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ زَارَ قَبْرَ اَبَوَيْهِ اَوْ اَحَدِهِمَا فِي كُلِّ جُمُعَةٍ غُفِرَ لَهُ، وَكُتِبَ بَرًّا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو اپنے والدین دونوں یا کسی ایک کی قبر کی زیارت ہر جمعہ کو کرے' تو اس کو بخش دیا جائے گا اور اس کے لیے نیکی لکھی جائے گی۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى

حضور ﷺ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ الْعَلَاءِ

ہے۔اس کوروایت کرنے میں یحییٰ بن علاء اکیلے ہیں۔

6115 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، اَنَّ رَجُلًا قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، هَلْ مِنَ الدُّعَاءِ شَيْءٌ لَا يُرَدُّ؟ قَالَ: نَعَمْ، تَقُولُ: اَسْاَلُكَ بِاسْمِكَ الْاَعْلَى الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا ایسی دعا ہے کہ جورد نہ کی جاتی ہو؟ فرمایا: جی ہاں! تُو عرض کر''اسئلك باسمك الاعلٰی الاعز الاجل والاكرام''۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ، عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابن عباس سے اسی سند سے روایت ہے۔اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن جعفر اکیلے ہیں۔

6116 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرِ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ: حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ عِكْرِمَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ: قَالَ لِي عُثْمَانُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ زَوَّجَنِي ابْنَتَهُ الْاُخْرَى: لَوْ اَنَّ عِنْدِي عَشْرًا لَزَوَّجْتُكَهُنَّ وَاحِدَةً بَعْدَ وَاحِدَةٍ، فَاِنِّي عَنْكَ لَرَاضٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت عثمان نے کہا کہ مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جس وقت آپ نے اپنی دوسری بیٹی کی شادی مجھ سے کی: اگر میرے ہاں دس بیٹیاں ہوتیں تو یکے بعد دیگرے دوسری سے کرتا کیونکہ میں آپ سے خوش ہوں۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُثْمَانَ اِلَّا بِهٰذَا الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَعْقُوبُ بْنُ جَعْفَرٍ

یہ حدیث ابن عباس' حضرت عثمان سے اسی سند سے روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یعقوب بن جعفر اکیلے ہیں۔

6117 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا سُلَيْمَانُ بْنُ كُرَازٍ قَالَ: نا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ، عَنْ جَابِرٍ، قَالَ: قَالَ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: بھلائی نیک لوگوں کے وسیلہ سے مانگو۔

رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اطْلُبُوا الْخَيْرَ عِنْدَ حِسَانِ الْوُجُوهِ

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ إِلَّا عُمَرُ بْنُ صُهْبَانَ، تَفَرَّدَ بِهِ سُلَيْمَانُ بْنُ كُرَّانَ، وَلَا يُرْوَى عَنْ جَابِرٍ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث محمد بن منکدر سے عمر بن اصبہان روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں سلیمان بن کران اکیلے ہیں۔ حضرت جابر سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6118 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا إِسْرَائِيلُ، عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ، عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ أَبِيهِ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَنَّهُ: رَأَى إِنْسَانًا بِهِ بَلَاءٌ، فَقَالَ: لَعَلَّكَ سَأَلْتَهُ أَنْ يُعَجِّلَ لَكَ الْبَلَاءَ قَالَ: نَعَمْ قَالَ: فَهَلَّا سَأَلْتَ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ، وَقُلْتَ: اللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ

حضرت ابن بریدہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے ایک آدمی کو حالتِ آزمائش میں دیکھا' فرمایا: ہوسکتا ہے کہ تُو نے اپنے لیے جلدی آزمائش مانگ لی ہو؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: کیا تُو اللہ عزوجل سے عافیت نہیں مانگ سکتا' تُو عرض کی: اے اللہ! مجھے دنیا اور آخرت میں اچھائی عطا کر اور ہم کو عذابِ قبر سے محفوظ رکھ۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيرَةَ إِلَّا إِسْرَائِيلُ، وَلَا يُرْوَى عَنْ بُرَيْدَةَ إِلَّا بِهَذَا الْإِسْنَادِ

یہ حدیث حارث بن حصیرہ سے اسرائیل روایت کرتے ہیں۔ حضرت بریدہ سے یہ حدیث اسی سند سے روایت ہے۔

6119 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا إِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ قَالَ: نا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ مِسْعَرِ بْنِ كِدَامٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ عُمَرَ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مَرْوَانَ، عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ عُمَيْسٍ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ، فَقَالَ لَهُمْ: إِنْ نَزَلَ

حضرت اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے بنی عبدالمطلب کو جمع کیا' ان کو فرمایا: اگر تم میں سے کسی پر غم' مشکل یا بیماری آئے تو وہ عرض کرے' تین مرتبہ: ''اللّٰہ ربی لا اشرک بہ شیئا ''۔ حضرت مسعر فرماتے ہیں: یہ کلام حضرت عمر بن عبدالعزیز نے مرتے وقت کہا ہے۔

6119- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 2 صفحه 88 رقم الحديث: 1525، وابن ماجة: الدعاء جلد 2 صفحه 1277 رقم الحديث: 3882، وأحمد: المسند جلد 6 صفحه 401 رقم الحديث: 27147 بنحوه .

بِاَحَدِكُمْ هَمٌّ، اَوْ غَمٌّ، اَوْ كَرْبٌ، اَوْ سَقَمٌ، اَوْ لَأْوَاءَ فَلْيَقُلْ: اللّٰهُ رَبِّي، لَا اُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ: وَكَانَ ذٰلِكَ آخِرُ كَلَامِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عِنْدَ الْمَوْتِ

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ اِلَّا الرَّمَادِيُّ

یہ حدیث سفیانہ بن عیینہ سے رمادی روایت کرتے ہیں۔

6120 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ الْاَصْفَرُ قَالَ: نا اَشْعَثُ بْنُ بَرَازٍ الْهُجَيْمِيُّ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيِّبِ، عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الزُّهْدُ فِي الدُّنْيَا يُرِيحُ الْقَلْبَ، وَالْجَسَدَ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: دنیا سے بے رغبتی کرنے والے کا دل و جسم راحت میں رہتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هٰذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ اِلَّا اَشْعَثُ بْنُ بَرَازٍ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ

یہ حدیث حضرت علی بن زید سے اشعث بن براز روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن بسطام اکیلے ہیں۔

6121 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ ابْنُ عَائِشَةَ التَّيْمِيُّ قَالَ: ثنا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْكُوفِيُّ، عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ حَتّٰى يُرَى بَيَاضُ خَدِّهِ الْاَيْمَنُ: السَّلَامُ عَلَيْكُمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ، وَعَنْ يَسَارِهِ مِثْلَ ذٰلِكَ

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ دائیں جانب سلام پھیرتے یہاں تک کہ آپ کا دایاں رخسار نظر آتا بائیں جانب سلام ایسے ہی پھیرتے تھے۔

6121- أخرجه أبو داؤد: الصلاة جلد 1 صفحه 260 رقم الحديث: 996' والترمذي: الصلاة جلد 2 صفحه 89 رقم الحديث: 295 . وقال: حسن صحيح . والنسائي: السهو جلد 3 صفحه 52 (باب كيف السلام على اليمين؟)' وابن ماجة: الاقامة جلد 1 صفحه 296 رقم الحديث: 914 .

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ حَمَّادٍ، عَنْ اِبْرَاهِيمَ، عَنْ عَلْقَمَةَ اِلَّا هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ اَبَانَ

یہ حدیث حماد' ابراہیم سے' وہ علقمہ سے اور حماد بن ہشام بن عبدالرحمٰن اور محمد بن ابان روایت کرتے ہیں۔

6122 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: نا اَيُّوبُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَبُو الْجَمَلِ، اَصْلُهُ يَمَامِيٌّ، سَكَنَ الْبَصْرَةَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ نَافِعٍ، عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَيْسَ عَلَى الْمَرْاَةِ حُرُمٌ اِلَّا فِي وَجْهِهَا

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: عورت پر کوئی شی حرام نہیں ہے مگر اس کے چہرے میں۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلَّا اَيُّوبُ اَبُو الْجَمَلِ، تَفَرَّدَ بِهِ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث مرفوعاً عبیداللہ بن عمر سے ایوب ابوالجمل روایت کرتے ہیں۔ اس کو روایت کرنے میں عبداللہ بن رجاء اکیلے ہیں۔

6123 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَخْبَرَنِي جَرِيرُ بْنُ اَيُّوبَ، عَنِ الْعَيْزَارِ بْنِ حُرَيْثٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَبِيهِ قَالَ: سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: عَجِبْتُ لِلْمُؤْمِنِ، اِنْ اَصَابَهُ خَيْرٌ حَمِدَ اللّٰهَ وَشَكَرَ، وَاِنْ اَصَابَتْهُ مُصِيبَةٌ حَمِدَ رَبَّهُ وَصَبَرَ، وَفِي كُلٍّ يُؤْجَرُ الْمُؤْمِنُ، حَتَّى فِي اُكْلَةٍ يَرْفَعُهَا اِلَى فِيهِ

حضرت عمر بن سعد رضی اللہ عنہما اپنے والد سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: مؤمن کے لیے تعجب ہے اگر اس کو بھلائی ملتی ہے تو وہ اللہ کی حمد اور اس کا شکر کرتا ہے' اگر کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو اللہ کی حمد اور صبر کرتا ہے' مؤمن کو ہر کام پر اجر دیا جاتا ہے یہاں تک کہ جو لقمہ اپنے منہ میں ڈالے اس کا بھی ثواب ملتا ہے۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ جَرِيرِ بْنِ اَيُّوبَ اِلَّا ابْنُ رَجَاءٍ

یہ حدیث جریر بن ایوب سے ابن رجاء روایت کرتے ہیں۔

6124 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ قَالَ: اَنَا جَرِيرُ بْنُ اَيُّوبَ قَالَ: نا عَامِرُ بْنُ سَعْدٍ الْبَجَلِيُّ قَالَ: سَمِعْتُ الْبَرَاءَ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: تمہارے پاس اس راستے سے یمن کا بہتر آدمی آئے گا' اس کا چہرہ

بْنَ عَازِبٍ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَأْتِيكُمْ مِنْ هَذَا الْفَجِّ خَيْرُ ذِي يَمَنٍ، عَلَى وَجْهِهِ مِسْحَةُ مَلِكٍ قَالَ: فَمَا مِنَ الْقَوْمِ رَجُلٌ إِلَّا وَهُوَ يَتَمَنَّى أَنْ يَكُونَ مِنْهُ، إِذْ طَلَعَ عَلَيْهِمْ رَاكِبٌ، فَانْتَهَى إِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَنَزَلَ عَنْ رَاحِلَتِهِ، فَأَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَخَذَ بِيَدِهِ، فَسَلَّمَ عَلَيْهِ، وَبَايَعَهُ، وَهَاجَرَ قَالَ: مَنْ أَنْتَ؟ قَالَ: أَنَا جَرِيرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ، فَأَجْلَسَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِلَى جَنْبِهِ، وَمَسَحَ بِيَدِهِ عَلَى رَأْسِهِ وَوَجْهِهِ وَصَدْرِهِ وَبَطْنِهِ، حَتَّى انْحَنَى جَرِيرٌ حَيَاءً أَنْ يُدْخِلَ يَدَهُ تَحْتَ إِزَارِهِ، وَهُوَ يَدْعُو لَهُ بِالْبَرَكَةِ، وَلِذُرِّيَّتِهِ، ثُمَّ مَسَحَ رَأْسَهُ وَظَهْرَهُ، وَهُوَ يَدْعُو لَهُ

دُبلا اور خوبصورت ہوگا' قوم میں سے ہر آدمی تمنا کرے گا کہ ان سے وہ ہو' اچانک سوار آیا اور حضور ﷺ کے پاس اپنی سواری سے اُترا' حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ کا دست مبارک پکڑا' آپ کو سلام کیا اور بیعت کی اور چھوڑ دیا۔ آپ نے فرمایا: تم کون ہو؟ عرض کی: میں جریر بن عبداللہ بجلی ہوں' حضور ﷺ نے اپنے پاس بٹھا لیا' اپنا دست مبارک ان کے سر اور چہرے اور سینہ اور پیٹ پر پھیرا یہاں تک کہ حیاء سے جھک گئے' اپنا ہاتھ آپ کی چادر کے نیچے داخل کرنے لگے' آپ ان کے لیے اور ان کی اولاد کے لیے برکت کی دعا کرنے لگے' پھر ان کے سر اور پیٹھ پر ہاتھ پھیرا' پھر آپ نے دعا فرمائی۔

لَمْ يَرْوِ هَذَا الْحَدِيثَ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ الْبَجَلِيِّ إِلَّا جَرِيرُ بْنُ أَيُّوبَ

یہ حدیث عامر بن سعد بجلی سے جریر بن ایوب روایت کرتے ہیں۔

6125 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: نا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ الْأَصْفَرُ قَالَ: نا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِيُّ، عَنْ جَمِيعِ بْنِ ثَوْبٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ، عَنْ أَبِي أُمَامَةَ قَالَ: خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: أَنَا خَيْرُ النَّاسِ لِشِرَارِ أُمَّتِي قُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَكَيْفَ أَنْتَ لِخِيَارِهَا؟ قَالَ: أَمَّا خِيَارُ أُمَّتِي فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِأَعْمَالِهِمْ، وَأَمَّا شِرَارُهُمْ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَتِي

حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے' آپ نے فرمایا: میں اپنی اُمت کے گنہگار لوگوں کے لیے بہتر ہوں' ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے نیک لوگ کیا کریں گے؟ آپ نے فرمایا: میری اُمت کے نیک لوگ جنت میں اپنے اعمال کے ذریعے داخل ہوں گے اور گنہگار میری شفاعت کی وجہ سے جنت میں داخل ہوں گے۔

لَا يُرْوَى هَذَا الْحَدِيثُ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ إِلَّا بِهَذَا

یہ حدیث ابوامامہ سے اسی سند سے روایت ہے۔

الْاِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ

اس کو روایت کرنے میں یحییٰ بن بسطام اکیلے ہیں۔

6126 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيُّ قَالَ: حَدَّثَنِي عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عِكْرَاشٍ، عَنْ اَبِيهِ عِكْرَاشِ بْنِ ذُؤَيْبٍ قَالَ: بَعَثَنِي بَنُو مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ بِصَدَقَاتِ اَمْوَالِهِمْ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ الْمَدِينَةَ، فَوَجَدْتُهُ جَالِسًا بَيْنَ الْمُهَاجِرِينَ، وَالْاَنْصَارِ، فَقَدِمْتُ عَلَيْهِ بِاِبِلٍ كَاَنَّهَا عُرُوقُ الْاَرْطَا، فَقَالَ: مَنِ الرَّجُلُ؟ ، فَقُلْتُ: عِكْرَاشُ بْنُ ذُؤَيْبٍ قَالَ: ارْفَعْ فِي النَّسَبِ ، فَقُلْتُ: ابْنُ حُرْقُوصِ بْنِ جَعْدَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ النَّزَّالِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ، هَذِهِ صَدَقَاتُ بَنِي مُرَّةَ بْنِ عُبَيْدٍ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: هَذِهِ اِبِلُ قَوْمِي، هَذِهِ صَدَقَاتُ قَوْمِي ، ثُمَّ اَمَرَ بِهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تُوسَمَ بِمِيسَمِ اِبِلِ الصَّدَقَةِ، فَتُضَمَّ اِلَيْهَا ۔ ثُمَّ اَخَذَ بِيَدِي، فَانْطَلَقَ بِي اِلَى مَنْزِلِ اُمِّ سَلَمَةَ، فَقَالَ: هَلْ مِنْ طَعَامٍ؟ فَاُتِينَا بِجَفْنَةٍ كَثِيرَةِ الثَّرِيدِ، وَالْوَذْرِ، فَاَقْبَلْنَا نَاْكُلُ مِنْهَا، فَجَعَلْتُ اُخَبِّطُ بِيَدِي فِي جَوَانِبِهَا، فَقَبَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِهِ الْيُسْرَى عَلَى يَدِي

حضرت عبیداللہ بن عکراش اپنے والد عکراش بن ذؤیب سے روایت کرتے ہیں‘ وہ فرماتے ہیں کہ مجھے بنومرہ بن عبید نے اپنے اموال کی زکوٰۃ لے کر حضور ﷺ کی طرف بھیجا‘ میں آپ کے پاس مدینہ آیا‘ میں نے آپ کو مہاجرین اور انصار کے درمیان بیٹھا پایا‘ میں آپ کے پاس اونٹ لے کر آیا‘ ان اونٹوں کی رگیں لمبی تھیں‘ آپ نے فرمایا: کون سے آدمی ہو؟ میں نے عرض کی: عکراش بن ذؤیب‘ آپ نے فرمایا: اپنا نسب بیان کرو! میں نے عرض کی: ابن حرقوص بن جعدہ بن عمرو بن نزال بن مرہ بن عبید‘ یہ زکوٰۃ بنی مرہ بن عبید کی طرف سے ہے۔ حضور ﷺ نے تبسم فرمایا‘ پھر فرمایا: یہ اونٹ میری قوم کے ہیں اور یہ صدقات میری قوم کے ہیں۔ پھر حضور ﷺ نے ان اونٹوں کو نشان لگانے کا حکم دیا‘ ان کو نشان لگایا گیا‘ پھر آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اُم سلمہ کے گھر لے گئے۔ آپ نے فرمایا: کیا کھانا ہے؟ ہمارے پاس ایک برتن لایا گیا اس میں ثرید اور وذر تھا‘ ہم اس سے کھانے لگے۔ میں اپنے ہاتھ کو اس پیالہ کے اردگرد گھمانے لگا۔ حضور ﷺ نے اپنے بائیں ہاتھ سے میرا دایاں ہاتھ پکڑ لیا‘ فرمایا: اے عکراش! ایک جگہ سے کھاؤ

6126- أخرجه الترمذي: الأطعمة جلد **4** صفحه **283** رقم الحديث: **1848** . وقال: غريب لا نعرفه الا من حديث العلاء بن الفضل، وقد تفرد العلاء بهذا الحديث، ولا نعرف لعكراش، عن النبي ﷺ الا هذا الحديث . وابن ماجة: الأطعمة جلد **2** صفحه **1089** رقم الحديث: **3274** مختصرًا . والطبراني في الكبير جلد **18** صفحه **82-83** رقم الحديث: **154** . وقال: وعلاء بن الفضل ضعيف وعبيد الله بن عكراش قال البخاري: لا يثبت حديثه .

الْيُمْنَى، وَقَالَ: يَا عِكْرَاشُ، كُلْ مِنْ مَوْضِعٍ وَاحِدٍ، فَإِنَّهُ طَعَامٌ وَاحِدٌ، ثُمَّ أُتِينَا بِطَبَقٍ فِيهِ أَلْوَانٌ مِنْ رُطَبٍ، فَجَعَلْتُ آكُلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ، وَجَالَتْ يَدُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الطَّبَقِ، ثُمَّ قَالَ: يَا عِكْرَاشُ، كُلْ مِنْ حَيْثُ شِئْتَ، فَإِنَّهُ غَيْرُ طَعَامٍ وَاحِدٍ، ثُمَّ أُتِينَا بِمَاءٍ فَغَسَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ، وَمَسَحَ بِبَلَلِ كَفَّيْهِ، وَجْهَهُ، وَذِرَاعَيْهِ، وَرَأْسَهُ، ثُمَّ قَالَ: يَا عِكْرَاشُ، هٰكَذَا الْوُضُوءُ مِمَّا غَيَّرَتِ النَّارُ

کیونکہ کھانا ایک ہی قسم کا ہے' پھر ایک تھال لایا گیا اس میں مختلف قسم کی کھجوریں تھیں' میں اپنے آگے سے کھانے لگا' حضور ﷺ سارے تھال سے کھا رہے تھے۔ پھر آپ نے فرمایا: اے عکراش! جہاں سے چاہو کھاؤ کیونکہ یہ کھانا ایک ہی نہیں ہے۔ پھر ہمارے پاس پانی لایا گیا' حضور ﷺ نے اپنے ہاتھوں کو دھویا' اپنے ہاتھ کی تری کو اپنے چہرے اور کلائیوں اور اپنے سر سے مل دیا۔ پھر فرمایا: اے عکراش! آگ سے پکی ہوئی چیز کھانے کے بعد اس طرح وضو کرنا چاہیے۔

لَا يُرْوَى هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ عِكْرَاشِ بْنِ ذُؤَيْبٍ إِلَّا بِهٰذَا الْإِسْنَادِ، تَفَرَّدَ بِهِ الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ أَبِي سَوِيَّةَ

یہ حدیث عکراش بن ذؤیب سے اسی سند سے روایت ہے۔ اس کو روایت کرنے میں علاء بن فضل بن ابوسویہ اکیلے ہیں۔

6127 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ قَالَ: ثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ، عَنْ أَبِيهِ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِي سَوِيَّةَ الْمِنْقَرِيِّ قَالَ: شَهِدْتُ قَيْسَ بْنَ عَاصِمٍ وَهُوَ يُوصِي، فَجَمَعَ بَنِيهِ، وَهُمُ اثْنَانِ وَثَلَاثُونَ ذَكَرًا، فَقَالَ: يَا بَنِيَّ، إِذَا أَنَا مِتُّ، فَسَوِّدُوا أَكْبَرَكُمْ تَخْلُفُوا أَبَاكُمْ، وَلَا تُسَوِّدُوا أَصْغَرَكُمْ فَيُزْرِي بِكُمْ ذَاكَ عِنْدَ أَكْفَائِكُمْ، وَلَا تُقِيمُوا عَلَيَّ نَائِحَةً، فَإِنِّي رَأَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ النِّيَاحَةِ، وَعَلَيْكُمْ بِإِصْلَاحِ الْمَالِ، فَإِنَّهَا مَنْبَهَةٌ لِلْكَرِيمِ، وَيَسْتَغْنِي بِهِ عَنِ اللَّئِيمِ، وَلَا تُعْطُوا رِقَابَ الْإِبِلِ إِلَّا فِي حَقِّهَا، وَلَا تَمْنَعُوهَا مِنْ حَقِّهَا، وَإِيَّاكُمْ وَكُلَّ عِرْقٍ سُوءٍ، فَمَهْمَا سَرَّكُمْ يَوْمٌ فَمَا

عبدالملک بن ابی سویہ منقری فرماتے ہیں: میں قیس بن عاصم کے پاس حاضر ہوا جبکہ وہ وصیتیں فرما رہے تھے' پس اس نے اپنے بیٹوں کو جمع کیا جو کہ بتیس تھے۔ اس نے کہا: اے میرے بیٹے! جب میں اس دنیا سے گزر جاؤں تو سب سے بڑے بھائی کو اپنا سردار بنانا۔ اپنے بڑوں کے طریقے پر چلنا' سب سے چھوٹے کو سردار نہ بنانا' ورنہ یہ بات برادری میں تمہارے لیے عیب ہوگی' میرے اوپر کوئی نوحہ کرنے والی کھڑی نہ کرنا کیونکہ میں نے رسول کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ نے نوح سے منع فرمایا۔ تمہارے اوپر مال کی اصلاح لازمی ہے کیونکہ یہ عزت دار کی نیک نامی ہے اور اس کے ساتھ بندہ کے لیے آدمی سے بے پرواہ ہوتا ہے۔ تم اپنے اونٹوں کو حق کی

يَسُوءُكُمْ أَكْثَرُ، وَاحْذَرُوا أَبْنَاءَ أَعْدَائِكُمْ، فَإِنَّهُمْ لَكُمْ أَعْدَاءٌ عَلَى مِنْهَاجِ آبَائِهِمْ. وَإِذَا أَنَا مِتُّ فَادْفِنُونِي فِي مَوْضِعٍ لَا يَطَّلِعُ عَلَى أَهْلِ هَذَا الْحَيِّ مِنْ بَكْرِ بْنِ وَائِلٍ، فَإِنَّهَا كَانَتْ بَيْنِي، وَبَيْنَهُمْ خَمَاشَاتٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَأَخَافُ أَنْ يَنْبِشُونِي مِنْ قَبْرِي فَتُفْسِدُوا عَلَيْهِمْ دُنْيَاهُمْ، فَيُفْسِدُوا عَلَيْكُمْ آخِرَتَكُمْ، ثُمَّ دَعَا بِكِنَانَتِهِ، فَأَمَرَ ابْنَهُ الْأَكْبَرَ، وَكَانَ يُسَمَّى عَلِيًّا، فَقَالَ: أَخْرِجْ سَهْمًا مِنْ كِنَانَتِي، فَأَخْرَجَ، فَقَالَ: اكْسِرْهُ، فَكَسَرَهُ، ثُمَّ قَالَ: أَخْرِجْ سَهْمَيْنِ، فَأَخْرَجَهُمَا، فَقَالَ: اكْسِرْهُمَا، فَكَسَرَهُمَا قَالَ: أَخْرِجْ ثَلَاثَةَ أَسْهُمٍ، فَأَخْرَجَهَا، فَقَالَ: اعْصُبْهَا بِوَتَرٍ فَعَصَبَهَا، ثُمَّ قَالَ: اكْسِرْهَا، فَلَمْ يَسْتَطِعْ كَسْرَهَا، فَقَالَ: يَا بَنِيَّ هَكَذَا أَنْتُمْ بِالِاجْتِمَاعِ، وَكَذَلِكَ أَنْتُمْ بِالْفُرْقَةِ، ثُمَّ أَنْشَأَ يَقُولُ:

(البحر الخفيف)

إِنَّمَا الْمَجْدُ مَا بَنَى وَالِدُ الصِّدْقِ ... وَأَحْيَى فِعَالَهُ الْمَوْلُودُ

وَكَفَى الْمَجْدُ، وَالشَّجَاعَةُ، وَالْحِلْمُ ... إِذَا زَانَهَا عَفَافٌ وَجُودُ

وَثَلَاثُونَ يَا بَنِيَّ إِذَا مَا ... عَقَدْتُمْ لِلنَّائِبَاتِ

راہ پر دینا‘ حق ادا کرنے سے انہیں نہ روکنا‘ ہر برائی سے بچنا‘ بعض اوقات ایک دن بظاہر تمہیں خوش کرے اور زیادہ تکلیف کا باعث ہو۔ دشمنوں کے بیٹوں سے بھی دُور رہو کیونکہ وہ اپنے آباء کے طریقے پر تمہارے دشمن ہی ہیں‘ پس جب میں فوت ہو جاؤں تو مجھے ایسی جگہ دفن کرنا جہاں پر اس محلے والے بکر بن وائل کو پتہ نہ چلے کیونکہ زمانۂ جاہلیت میں ان کے اور میرے درمیان کچھ خدشات تھے۔ مجھے خوف ہے کہیں یہ لوگ مجھے قبر سے نکال دیں‘ اگر انہوں نے ایسا کیا تو تم ان پر ان کا جینا دوبھر کر دو گے‘ وہ تمہاری آخرت برباد کر دیں گے۔ پھر اس نے اپنی کمان منگوا کر اپنے بڑے بیٹے علی سے کہا: اس سے تیر نکالو! اس نے تیر نکالا‘ پھر کہا: اسے توڑو! اس نے توڑ دیا‘ پھر کہا: اب دو تیر نکالو! اس نے نکالے‘ کہا انہیں توڑو! اس نے توڑ دیئے‘ پھر کہا: اب تین نکال کر جوڑو پھر توڑو! اس نے نکالے لیکن توڑنے سے عاجز رہا۔ اس نے کہا: اے میرے بیٹو! اگر ان تیروں کی طرح اکٹھے رہو گے تو تمہیں کوئی توڑ نہ سکے گا اور اگر بکھر کر ایک ایک ہو گئے تو پھر تم سنبھل نہ سکو گے۔ پھر اُس نے شعر کہے:

’’بزرگی صرف وہ ہے جس کو سچائی نے باپ نے بنایا..... اور زندہ کیا اس کے کام کو بچوں نے..... بزرگی‘ بہادری اور عقلمندی کافی ہے..... جب انہیں پاکدامنی اور سخاوت مزین کرے..... اور تمیں اے میرے بیٹو! بشرطیکہ حوادثات [illegible] کے لیے عقد کیا‘ تمیں لکڑیوں کی

الْعُقُودُ

كَثَلَاثِينَ مِنْ قِدَاحٍ إِذَا مَا ... شَدَّهَا لِلزَّادِ عِقْدٌ شَدِيدُ

لَمْ تُكْسَرْ، وَإِنْ تَبَدَّدَتِ الْاَسْهُمِ ... اَوْدَى بِجَمْعِهَا التَّبْدِيدُ

وَذُوُو السِّنِّ وَالْمُرُوءَةِ اَوْلَى ... إِنْ يَكُنْ مِثْلُهُمْ لَهُمْ تَسْوِيدُ

وَعَلَيْهِمْ حِفْظُ الْاَصَاغِرِ حَتَّى ... يَبْلُغَ الْحِنْثَ الْاَصْغَرُ الْمَجْهُودُ

